PDF NOVL BANK

Self Obsession

ازقلم تانیہ طاہر

مکمل ناول

گھر کا سارا کام کرنے کے بعد وہ پسینے میں بلکل ڈوب
گئ تھی -----
حالانکہ گھر میں ملازم تھے ---- مگر چونکہ عید کا دن تھا تو --- کوئ اپنے گاوں تو کوئ
اپنے کسی رشتے دار کے گھر گیا ہوا تھا ----
تبھی اسکو سارا گھر صاف کرنا پڑا ---
نندیں ----- ابیحا اورعلیشبہ --- دونوں نے ہی ساتھ ساتھ کام کرایا --مگر گھر بڑا ہونے
کی وجہ سے وہ تینوں ہی بری طرح ہانپ گئیں ---
کام مکمل کرنے کے بعد اسنے اپنے کمرے کا رخ کیا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تو کمرے کو دیکھ کر --- اسکے خوبصورت چہرے کے زاویے اب رونے والے ہو رہے تھے۔ ----

اپنے گھر میں تو وہ شدید قسم کی کام چور تھی مگر جب سے شادی ہوئ ---- ذمہ داریاں بڑھتی چلیں گیئں ----

کمرا سارا اجڑ چکا تھا کہنے کو تو صرف میاں صاحب ہی تیار ہو کر گئے تھے ---

.... مگر انکی تیاری ----- لڑکیوں کو بھی مات دے دے -- اپنی ذات میں مگن انسان اکثر وہ سوچتی تھی اسکو کس طرح پسند کرنے لگ گیا ....جب تک --- اسکے سسر کی غصیلی آواز کمرے کے باہر نہیں سنائ دیتی تھی وہ باہر نہیں نکلتا تھا --- اور اسکو بھی اپنے کاموں میں پھنسا کر رکھتا ...

در حقیقت ایک چیز نکالنے کے لیے وہ ساری چیزوں کو پہلے باہر نکال پھینکتا -- اور پھر اسکو آواز دیتا --- اور وہ بے چاری ---- محبت میں بلکل پیس ہی گئ تھی ----

اب بھی وہ تیزی سے کمرہ سمیٹ رہی تھی ----

رات ہی آرڈرز مل گئے تھے میرے آنے سے پہلے تیار رہنا ---- اب وہ کیسے تیار ہوتی --- یہ پھیلاوا --- اپنے کمرے میں وہ بھی عید کے دن ---- اسے برداشت نہیں ہو

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہا تھا --- اور اگر وہ آ جاتا --- تو --- شاید اسکا حولیہ برداشت نہ کرتا -- اور اسے پوری عید بس اسے منانے میں نکالنی پڑتی ----

عید برباد نہ ہونے کا خوف بھی تھا ----

اسکے مائیکے میں پورے سسرال کی دعوت تھی --- -

اگر میاں صاحب ناراض ہو جاتا تو دعوت بھی کام سے گئ تھی ----

جو وہ ہرگیز بھی نہیں چاہتی تھی ----

اتنی مشکلوں سے تو بڑے بھائ کو چھوٹیاں ملیں تھیں -- اور وہ اب تک نہیں ملی تھی

اس بار تو پکا ارادہ کر لیا تھا کہ--- بڑے بھائ کی شادی تو کروا کے ہی بھیجے گئ ---

کمرہ اپنی اصل حالت میں آگیا تھا مگر اسکی حالت گئ گزری ہو چکی تھی ۔

اسنے مہندی لگے ہاتھوں کو دیکھا --

لال سرخ مہندی بہت خوبصورت لگ رہی تھی ---

یہ علیشبہ نے لگائ تھی --- بلکل اپنے بھائ جیسا اسکا دماغ تھا ۔ ہر وقت اسے بھابھی سجی سنوری چاہیے تھی ---

اسنے وارڈ روب سے اپنا عید کا جوڑا نکالا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اورواشروم میں چلی گئ ---

نہا کر واشروم سے باہر نکلی تو اسے باہر سے ان سب کی آوازیں آنے لگی ----

وہ سب ایک دوسرے کو عید مبارک کہہ رہے تھے --- اور وہ --- وہ تو ابھی تک اس طرح تیار ہی نہیں ہوئ تھی جس طرح رہبان چاہتا تھا۔ --

اسنے جلدی سے بالوں سے تولیہ کھینچا -- لمبے گیلے بال الجھے الجھے سے پوری کمر پر بکھر گئے ----

اسنے ایک نظر اپنے ریڈیش براون بالوں کو دیکھا جو عید سے پہلے رہبان نے ہی کلر کروائے تھے اور جلدی جلدی ان میں کھنگھا چلانے لگی ----

بالوں کو سلجھا کر ایسے ہی کمر پر چھوڑا ---- اس دوران اسکا گھبراہٹ کے مارے پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔ --

اسنے چہرے پر فانڈیشن لگایا --- حالانکہ اسکی سرخ وسفید رنگت کو کسی بھی قسم کے میکپ کی ضرورت نہیں تھی اور شادی سے پہلے تو اسنے کبھی میکپ کیا ہی نہیں تھا --- مگر رہبان کی پسند تھی جو اسے ہر صورت پوری کرنی تھی۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ سرخ لیپسٹک سے ہونٹوں کو رنگ رہی تھی دل اسکے قدموں کی آہٹ محسوس کر رہا تھا۔

-- تیزی سے لیپسٹک لگا --- کر اسنے بالوں میں ہاتھ پھیرا -- جس سے ساری کٹینگ واضح ہو گئ ---

کامدار مسٹرڈ کلر کی شارٹ گھٹنوں سے اوپر شرٹ اور گیٹوں سے اوپر بلکل ٹانگوں سے چپکے ہوے کیپری میں وہ غضب ڈھا رہی تھی --- اس سے پہلے--- وہ دروازہ کھولتا --- وہ تیزی سے دروازے کی طرف بھاگی ---

دوپٹہ --- لینا وہ سرے سے ہی بھول گئ تھی ---

اسنے جلدی سے دروازہ کھول دیا ---

سانس اسکے اسی دواران پھول گئے -- تھے

پھولتے سانسوں میں عیدمبارک --- کہا ----

جبکہ وہ سفید لٹھے کی قمیض شلوار میں --- خاصازبردست لگ رہا تھا---

مگر بیوی کے آگے وہ اکثر ایسے ہی کھو جاتا --- تھا ---

مگر خود کو بھولنا بھی کبھی نہیں سیکھا تھا

اندر تو آئیں "وہ اسکے یوں مسلسل گھورنے پر جھینپ ہی گئ ---

جب کہ وہ بھی ہوش میں آیا --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اورا پنے شاندار کمرے میں قدم رکھا۔ ---

تمام لائٹس آن تھیں --- اور لائٹس کی چمک اسکے چہرے کو مزید چمکدار کر رہی تھی ---

حیا نے آگے بڑھ کر بیڈ پر سے دوپٹہ اٹھانا چاہا ---

مگر رہبان نے اس سے پہلے ہی دو پٹے کو اپنی گرفت میں لے لیا ---

حیا -- کو اسکی شوخ نظریں اپنے وجود میں گڑھتی محسوس ہو رہیں تھیں --- وہ جانتی تھی

اب اسے ادھر ادھر --- نہ دیکھنا ہے نہ سوچنا ہے -- اور نہ ہلنا --- ہے ---

اگر اس سے ایسی کوئ گستاخی ہو گئ -- تو ضرور رہبان کا غصہ -- اسکے لیے ناقابل

برداشت ہو گا ---

وہ سٹل سر کو جھکائے کھڑی تھی --جبکہ اے سی --- کی شدید ڈھنڈک کے باوجود ---

اسکے ماتھے پر پسینہ پھوٹ پڑا ---

وہ دو قدم کی دوری --- میٹاتا ہوا اسکے نزدیک ہوا -----

شادی کو چھ مہینے گزر چکے تھے -- مگراب بھی اسکا دل ۔ اسکی قربت پر پھسلیاں توڑکر

باہر نکلنے کو ہو جاتا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

I have always been convinced of your beauty But today you seem to have defeated me.....

(میں ہمیشہ تمھاری خوبصورتی کا قائل رہا ہوں مگر آج لگتا ہے تم مجھے ہرا دو گی)

اسکی مدھم آواز میں بولے گئے فقرے --- حیا کو زمین سے آسمان پر بیٹھا گئے ----

اسنے نہ محسوس انداز میں آنکھوں کو بند کر لیا ---

رہبان اسکے خوبصورت ہونٹوں کی مدھم کپکپاہٹ کو ---

مد ہوش سا چند لمحے دیکھے گیا ---

اور پھر جھک کے استحقاق بھری مہر اسکے لبوں پر ثبت کر کے -- اسنے دوبارہ -- حیا کی طرف دیکھا جس کے چہرے پر شرمیگی مسکراہٹ تھی ---

عید مبارک کہنے کا کوئ رواج نہیں ہے میری مسز کے ہاں "آنکھوں میں شرارت سموئے

وہ سامنے صوفے پر جا بیٹھا ٹانگوں پر ٹانگیں رکھ کر وہ اسکو دیکھنے لگا ---

جس نے جلدی سے اپنے گہیرے گلے کو --- دوپٹے کی مدد سے چھپایا ---

رہبان اسکی حرکت پر محظوظ ہوا---

میں نے آتے ساتھ کیا ہے آپکو "اسنے جیسے یاد دلایا---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آہ یہ بھی کوئ عید مبارک ہوتا ہے --- نہ گلے ملی نہ --- "وہ معنی خیز نظروں سے مسکراتے ہوے اسکو دیکھنے لگا ---- وہ دھیرے سے مسکرائ -- اب بات تو واضح تھی --- اسکی خواہش بھی واضح تھی جس کو پورا کرنا حیا کا اولین فرض تھا ---

وہ چلتی ہوئ اسکے برابر میں -- ٹک گئ --- جبکہ وہ یوں ہی اکڑا ہوا بیٹھا تھا --- جبکہ وہ جھجھکتے ہوے -- اسکے سینے سے لگ گئ۔ --

"عید مبارک رہبان

آ--آ---آ--- شوہر کا نام نہیں لیتے ---- جان --- جانو--- بیبی کہتے ہیں -- "وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوے بولا --- جبکہ وہ بس اسکی شکل دیکھ کر رہ گئ ----

" پھر اسکے پاس سے اٹھنے لگی کہ رہبان نے ہاتھ تھام لیا --- کہاں

"باہر آنٹی کے پاس --- انھیں عید مبارک بھی کہنا ہے پہلے ہی لیٹ ہو گیئں ہوں -- وہ ہاتھ چھوڑا کر اپنا دوپٹہ ٹھیک کرنے لگی پہلے ہی ڈریس اچھا خاصا فیٹینگ والا تھا --- یار انھیں بعد میں کرنا پہلے انکے بیٹے کو کرو اچھی طرح "وہ اسکے جانے سے بدمزہ ہوا --- ابھی آپ سے تو مل لی ہوں نہ "وہ معصومیت سے بولی

"پلیز آپ روکیں میں --- مل کے آتی ہوں ---

اوکے میں بھی چلتا ہوں۔ -- "وہ بھی اٹھ کھڑا ہوا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.....

اور پھر وہ دونوں کمرے سے ایک ساتھ باہر نکلے تو بہت مکمل لگ رہے تھے --- حیا سب سے عید۔ ملی ---

بھائ قصائ کب آے گا یار --- اس بار تو کافی دیر کا ٹائم دیا ہے -- "احد نے پریشانی سے کہا ---

ہاں اس بار خاصا لیٹ کا ٹائم ملا ہے ---- مگر کچھ نہیں ہوتا --- آ جائے گا -- "رہبان نے کہا --- اور حیا کے ہاتھ سے کھیر کی پیالی پکڑتے ہوے --- بھر پور انداز میں اسکی انگلیوں کو چھوا -- حیا نے بس ایک نظر اسکو دیکھا --- جو دلجمی سے کھیر کھا رہا تھا لبوں کی تراش میں کھیر کی طرح میٹھی مسکراہٹ تھی --

سب کو کھیر دے کر وہ بھی علیشبہ ابیھا کے ساتھ جا کر بیٹھ گئ --

اچھے ماحول میں --- کھیر کھائ گئ -- اور پھر قصائ آگیا -- احد کسی چھوٹے بچے کی طرح خوش تھا --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

گائے کی قربانی ہو گئ۔ -- اور چند ہی گھنٹوں میں گوشت بھی تقسیم ہو گیا --- اسنے اپنے کپڑے چینج کر لیے --- تھے ۔

مرد حضرات آرام کی غرض سے اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے جبکہ اسنے چولہے پر کلیجی چڑھا دی ابیھاعلیشبہ بھی اسکے ساتھ ہی تھیں --- جبکہ ساس بھی باہر تخت پر بیٹھی تھی ---

بھابھی اپ نے ایسے ہی ڈریس چینج کر لیا اتنا پیارا ڈریس پہنا ہوا تھا "علیشبہ نے منہ بنا کر کہا تو وہ مدھم سا مسکرائ --

جان میں کمفرٹیبل نہیں تھی --- کچھ دیر بعد امی کے ہاں جاو گی تو پہن لوں گی "وہ مصروف انداز میں بولی --- تو علیشبہ تو خاموش ہو گئ --

مگر امی نے تو کہا ہے آپکی طرف کوئ نہیں جائے گا "ابیھا نے اچانک بولتے ہی دانتوں تلے زبان دبا لی --- علیشبہ بھی اسے گھورنے لگی۔

جبکہ حیا کا چمچ ہلاتا ہاتھ رک گیا --

.....

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر کیوں --- "وہ بولی تو وہ دونوں نظریں چرا گئیں ---

پلیز بتاو مجھے --- امی نے خود فون کر کے آنٹی کو سب کا پیغام دیا تھا اگر کوئ ایشو تھا تو آنٹی اسوقت بات کر لیتیں یہ مجھ سے شئیر کر لیتیں --- "حیا کے دل میں دھکڑ پکڑ لگ گئ تھی اسکی ساس تھی تو ایسی ہی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات پکڑ لیتی تھی --مگر اب تک اسنے ہر چیز کا خود سے خصوصی خیال رکھا ہوا تھا پھر اچانک کیا ہوا تھا ---

علیشبہ پلیز بتاو "اسکے اسرار پر علیشبہ بلآخر بول ہی اٹھی---

بھابھی امی کو انکا اسطرح پیغام دینا پسند نہیں آیا۔ ۔آپکی اوربھائ کی شادی کو ابھی چھ ماہ ہوے ہیں۔ اور امی کہہ رہی تھیں انھوں نے پیغام اسطرح سرسری سا دیا ہے جیسے چھ سال ہو گئے ہوں --- اورآپکی امی کو آکر پیغام دینا چاہیے تھا --- "علیشبہ خاموش ہوئ تو وہ حیران رہ گئ -- کتنی سی بات کا پتنگڑ بنا رہی تھی اسکی ساس --- یہ جانتے ہوے بھی کہ اسکی امی بیمار رہتی ہیں اور بڑے بھائ بھی یہاں نہیں ہوتے--- تو وہ بہت کم رشتے داروں کے ہاں جاتی ہیں ---

وہ خاموش ہوگئ اب بچوں سے بھلہ کیا بات کرتی ---

خاموشی سے کلیجی بنا اکر اسنے ڈائنگ پر لگا -- دی -- اب تک جو بال کھولے تھے انھیں جوڑے میں قید کر لیا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

چہرے پر اداسی صاف واضح تھی ۔۔سب ہی کلیجی کھانے کے لیے ڈائنگ پر جمع ہو گئے

خاموش ماحول میں کھانا کھایا جا رہا تھا --- وہ علیشبہ
کے ساتھ بیٹھی تھی اسکے برابر میں ابیحا تھی جبکہ سامنے رہبان احد تھے ----
سارا کام باخیریت و عافیت ہو گیا "اسکے سسر رہبان کی طرف دیکھ کر بولے تو اسنے تائیدی انداز میں گردن ہلائ اور پھر کھانے میں مصروف ہو گیا جبکہ اسکا ایک ایک نوالہ بری طرح اتر رہا تھا ---کہ اگر یہاں سے کوئ نہیں گیا تو رہبان اپنی فیملی کو چھوڑ کر اسکے ساتھ کسی صورت نہ جاتا--- اور اسے بھی نہ جانے دیتا-- جبکہ وہاں اسکا سارا دادکا ننکا بھی مدعو تھا ----
مگر میں تو اپنی گائے کو بہت مس کر رہا ہوں "احد کلیجی کا نوالہ لیتے ہوے دکھ سے بولا

ہاں تبھی تم اتنے بڑے نڑے لقمے لے رہے ہو۔ ۔"ابیحا نے برا سا منہ بنا کر اسکے لقمے کے سائز پر چوٹ کی تو وہ جل ہی گیا---
"تمھیں کیا تکلیف ہے --
مجھے کیوں ہو گئ تم ہی جھوٹ بولے جا رہے ہو --- "ابیحا نے بھی ٹکا سا جواب دیا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

کھانے کے دوران فضول گوئ مت کیا کرو "انکل نے غصے سے احد کو کہا ---

بیٹا خاموشی سے کھانا کھاو "اور نرمی سے ابیحا کو کہہ کر کھانا کھانے لگے --- احد تو اس دوہرائے پر تلملا گیا ---

اسنے آنٹی کے لبوں ہر مسکراہٹ دیکھی --- جو احد کے منہ بنانے سے آئ تھی کچھ پرسکون بھی ہوئ -- شاید اب انکا موڈ ٹھیک ہو گیا ہو --- تبھی کسی سے بھی کوئ بات کیے بغیر -- وہ وقت کا انتظار کرنے لگی ---

کھانا کھا کر ایک بار پھر سب اپنے کمروں میں بند ہو گئے ---

.....

رہبان تو کوئ فضول سی مووی دیکھ رہے تھے جس میں اسے رتی سا بھی انٹرسٹ نہیں تھا ---

تبھی سیل فون اٹھا کر صوفے پر بیٹھ گئ --- چار بجے تک اسے ریڈی ہونا تھا -- ابھی ڈیڈ گھنٹہ تھا -- تبھی سیل فون پر سب کی عید وشیز چیک کر رہی تھی ---

یہ دیکھ کر اسکے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ کہ --- رہبان اسے نماز سے پہلے ہی وش کر چکے تھے --مگر سیل دیکھنے کا وقت ہی نہیں ملا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تبھی جواب نہ دے سکی ---

تھینکس "--- ہارٹ اموجی کے ساتھ اسنے اسے وٹسپ پر میسج سینڈ کیا ---

کمرے میں رہبان کے موبائل کی ٹون بجی تو اسنے سائیڈ ڈیبل پر سے سیل اٹھا کر چیک کیا ---

اسکا میسج دیکھ کر اوپر دیکھے بغیر اسنے وہیں سے مسیج سینڈ کیا --

لیٹ "اموجی غصے والے تھے ۔

بدلے میں حیا نے کنفیوز اور اداس ایموجیز بھیجے

"--- میں مصروف تھی --

مجھے فرق نہیں پڑتا --- یو بیٹر نو مجھے اپنی اگنورنس برداشت نہیں ہوتی -- "دوبارہ غصے والے ایموجی ڈال کر اسنے میسج سینڈ کیا حیا نے سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا -- جو چہرے پر سخت تاثر لیے سکرین کو گھور رہا تھا --- بات سیریس ہونے لگی تھی --- اسے احساس ہو گیا--

سوری "اسنے ہاتھ جوڑنے والے ایموجیز بھیجے --

مجھے سوریز پسند نہیں --- آپ کچھ اور بھی کر سکتی ہیں --- "تیوری چڑھائے ایموجی بھیجا--

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

جیسا کہ آپ حکم کریں میں حاضر ہوں "اسنے سمائیل کے ساتھ ہارٹ بھی بھیجے ----
صرف ایک کس "بغیر ایموجی کے جواب ملا ---- حیا کا موبائل اسکے ہاتھ کی کپکپاہٹ سے لرزنے لگا---

اسنے ایک نظر اوپر اسکی طرف دیکھا جو بیڈ پر پھیل کر لیٹ چکا تھا --- مگر چہرے کی مسکراہٹ واضح تھی ---

یہ تھوڑا ٹف ہے -- پلیز سر میری سزا میں کچھ ترمیم نہیں ہو سکتی "اسنے معصوم فیس والے ایموجی بھیجے ---

ڈبل کسز "جواب ملا --- وہ حیران ہوئ --

"مگر

ٹرپیل کسز "وہ تو بھکلا ہی گئ کہیں زیادہ نہ ہو جائیں اور وہ سزا پوری نہ کر سکے۔ --

اوکے اوکے پلیز نو مور --- "اسنے گھبرا کر میسج کیا جبکہ اسنے ہنسنے والے ایموجیز بھیجے ---

تو پھر۔ آ جاو "کہتے ساتھ ہی اسنے موبائل سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا سامنے ال آی ڈی بند کی--- اور روم کی لائٹس تو پہلے سے ہی بند تھی۔ ال آی ڈی کی لائٹ بند ہوتے ہی -- نیم اندھیرا سا چھا گیا---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

حیا --- ان سب اشاروں کی زبان سمجھتی تھی مگر گھبراہٹ نے اسکے پاوں کو شل کر دیا --- جبکہ رہبان نے اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر شرٹ صوفے پر پھینکی --- جو اسکے منہ پر آکر پڑی۔ ---

اور کمفرٹر لے کر لیٹ گیا ---

شرٹ سے اٹھتی رہبان کی خوشبو حیا کے حواسوں پر چھا گئ --- اسنے شرٹ سائیڈ پر رکھی اور ٹائم دیکھا --- ابھی تین بجنے میں بھی بیس منٹ۔ تھے --

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی اس تک پہنچی -- اور بیڈ پر اسکے مقابل لیٹ گئ۔ ---- اسکے لیٹتے ہی رہبان نے اسے اپنی جانب کھینچ لیا--- حیا نے زور سے آنکھیں میچ لی ---- وہ جانتی تھی --- اب وہ تب تک کچھ نہیں بول سکتی جب تک رہبان نہیں چاہے گا۔

--

وہ لیٹ ہو چکی تھی تبھی گھر سے مسلسل فون آ رہے تھے -- اسکا منہ بنا ہوا تھا --- اور وہ اسی طرح غصے میں جلدی جلدی تیار ہو رہی تھی --- رہبان اسکی ساری ناراضگی

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

سمجھتا تھا ۔۔۔ مگر اسے اپنی بیوی کی ہر ادا پسند تھی ۔۔۔ وہ اٹھ کے خاموشی اور معصومیت سے تیار ہونے لگا ۔۔۔۔

بلیک کرتا پہن کر اسنے آئینے میں اپنا اور مہرون کامدار شارٹ فراق اور کھولے پجامے میں اپنی بیگم ۔۔ کا عکس دیکھا تو اسپر جی بھر کے پیار آیا مگر ابھی وہ یہ پیار کر نہیں سکتا تھا ۔۔۔ یہ ہر وقت بے وقت کا پیار ہی اسے آج لے ڈوبا تھا کے وہ سخت خفا تھی ۔۔۔ وہ لیپسٹک لگا رہی تھی جبکہ رہبان۔۔۔ اسکے آگے پیچھے سے گہرے گلے کو دیکھ رہا تھا ۔۔۔

I don't want you to take special care of your dupatta. There is no woman who sees your beauty

تم اپنے دوپٹے کا خاص خیال رکھنا میں نہیں چاہتا کوئ تمھاری خوبصورتی دیکھے کوئ (عورت بھی نہیں)

اسنے چونک کر رہبان کی طرف دیکھا جو سنجیدگی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا ۔۔۔

پھر کچھ بھی بولے بغیر دوپٹہ بیڈ پر سے اٹھا کر گلے میں لے لیا ۔۔۔ یہ واضح اعلان تھا کہ وہ بول نہیں رہی ہے۔۔مگر اسکی بات مان چکی ہے۔ ۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان نے اسکے گلے سے دوبارہ دوپٹہ کھینچ لیا ----

I talked about your mother's house there are no restrictions in front of me here...
You will be here the way I want you to be

میں تمھاری امی کے گھر کی بات کر رہا ہوں یہاں میرے سامنے کوئ پابندی عائد نہیں)

(ہوتی یہاں تم ویسے رہو گی جیسے میں چاہو گا

وہ خاموشی سے سر جھکا کر کھڑی ہو گئ ---

دوپٹہ رہبان کے ہاتھ میں تھا جو اسنے بیڈ پر اچھال دیا --

تیار ہو "اور اسکو دوبارہ تیار ہونے کو کہا ۔

میں تیار ہوں -- "وہ ممنائ --

جیولری تو پہنی ہی نہیں "اسنے جیسے اسے یاد دلایا ---

میرا دل نہیں کر رہا "وہ اکتا کر بولی --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

ایسی کی تیسی تمھارے دل کی "اسنے تیور بگاڑ کر کہا اور اسکی جیولری ڈریس کے ساتھ میچ کرکے -- اسکو خود بھاری آویزے پہنائے --

ایک ہاتھ میں بریسلیٹ اور دوسرے میں دو سونے کے کنگن ڈال کر وہ مطمئن ہو گیا

گلے میں رہبان کے نام کا پینڈیٹ تھا جو منہ دیکھائ میں اسنے اسکو دیا تھا ۔

My beautiful bride "

.....پیار سے اسکا ماتھا چوم کر وہ خود بھی ریڈی ہونے لگا ---

اسپر اور خود پر جی بھر کے اپنا فیوریٹ پرفیوم کیا ---

لڑکی -- جا کے دیکھ تو لیتی ۔ امی اور سب تیار ہیں "شوز پہنتے ہوے اسنے اسکو یاد دلایا۔

۔تو نہ جانے کیوں -- وہ خوف ذدہ سی ہو گئ --

جی -- "کہہ کر وہ باہر نکلی تو سب ہی اپنے کمروں میں تھے --چھ بجنے والے --تھے --

وہ آنٹی کے کمرے میں آگئ

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آنٹی آپ تیار نہیں ہوئ ابھی تک -- ابیھا علیشبہ احد بھی اپنے رومز میں ہیں اور انکل آپ بھی ریڈی نہیں ہوے"

اسکے دل کا ڈر اب اپنی اصل صورت اختیار کر رہا تھا۔

ادھر آو "انھوں نے اسے پاس بلایا ---

اور ہزار ہزار کے نوٹ اسپر سے وار کر سائیڈ پر رکھ دیے --- پیچھے سے آتے رہبان نے یہ منظر مسکرا کر دیکھا ---

ہم نہیں جا رہے ہیں -- تم اور ہمارا بیٹا جانا چاہتا ہے تو چلی جاو ---اور خیال سے رہنا نظر لگوا لوگی -- "وہ زرا سختی سے بولیں --

مگر امی آنٹی نے تو سب کو مدعو کیا تھا -- پھر آپ لوگ کیوں نہیں جا رہے -- "حیا کے بولنے سے پہلے ہی رہبان بولا۔

ارے بھائ بس رہنے دو جانتی ہوں میں کتنا اچھا مدعو کیا تھا ۔ اور جہاں بیٹی دی جاتی ہے وہاں رکھ رکھاو بھی ہوتا ہے -- یوں ہی -- بس موبائل پر پیغام نہیں دے دیے جاتے ۔چھ ماہ خیر سے ہو گئے ہیں --- مگر شادی اتنی بھی پورانی نہیں ہوئ تھی کہ " ایسے پیغام دیے جائیں اور صاف بات ہے-- میں ایسے پیغاموں پر نہیں جاتی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

انھوں نے بھڑک کر کہا -- تو رہبان خاموش ہو گیا -- ایک نظر حیا کے فق چہرے پر ڈالی ---- اور بابا کی طرف دیکھا---

بیگم اتنی اتنی باتیں نہیں پکڑتے --- چلو اٹھو --- بیٹے کا سسرال ہے --- "انھوں نے انھیں سمجھانا چاہا ---

دیکھیے میں ایک بار کہہ چکی ہوں میں نہیں جاوگی --- تو میں نہیں جاوگی باقی جس نے جانا ہے جائے۔ "وہ کہہ کر اٹھ گئیں ---

ٹھیک ہے رہنے دو تم اسے -- میں چل رہا ہوں اور میرے بچے بھی ۔ "بابا بھی غصے میں اٹھ گئے --

" میری بات کی تو کوئ اوقات ہے ہی نہیں --- ٹھیک ہے -- جیسا جس کا دل کرے وہ رنجیدہ لہجے میں بولیں تو رہبان نے انھیں سینے سے لگا لیا--

آپ فکر نہ کریں -- ہم میں سے کوئ نہیں جائے گا --- جب ان لوگون کو طریقہ اور رکھ رکھاو آ جائے گا --- تب

ہم بھی دیکھ لیں گے -- اوکے آپ بلاوجہ پریشان نہ ہوں -- "وہ انھیں تسلیاں -- دینے لگا --

تمھاری ماں بھی بیواقوف ہے اور تم بھی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

پڑے رہو دونوں یہی چلو بہو --- اور بچوں کو بھی کہو بہت دیر ہو گئ ہے "بابا نے غصے سے رہبان کو ڈپٹا اور ساکت کھڑی حیا کو کہا ---

جو رہبان کی جانب دیکھ رہی تھی ---

بابا جب میں نہیں جا رہا میری ماں نہیں جا رہی تو حیا بھی کہیں نہیں جائے گی "وہ سختی سے بولا ۔

حیا بیٹی اسکو بولنے دو تم چلو۔ "انھوں نے دوبارہ کہا تو --اب کے حیا بھی مڑ کر باہر نکلنے لگی کہ رہبان کو اپنی حکم عدولی بری طرح کھلی ---

.....

وہ دو قدم آگے بڑھا اور اسکا ہاتھ سختی سے تھام لیا --

"کیا بکواس کر رہا ہوں سمجھ نہیں آتی نہیں جاو گی تم کہیں

رہبان --- آپ ایسا کیسے کہہ سکتے ہیں جانتے بھی ہیں آنٹی اتنی سی بات کا ایشو بنا رہی ہیں وہاں سب ویٹ کر----

"چٹاخ ۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میری ماں ایشو بنا رہی ہے --- اسقدر بدتمیزی کی تمھاری ہمت کیسے ہوئ --- تمیز تہذیب نام کی کوئ چیز نہیں ہے -- تم میں ۔بڑوں کو اس طرح مخاطب کیا جاتا ہے --

اور ایشو تمھاری ماں نے بنوایا ہے --- میری ماں کتنی رکھ رکھاو والی ہے یہ جانتے ہوے بھی انھوں نے ڈھنک کا پیغام نہیں دیا ---

" اور تم مجھے بتا رہی ہو کہ میری ماں ایشو بنا رہی ہے

--وہ اسے غصے سے جھٹک کر پلٹ کر کمرے میں چلا گیا -- بھاری آویزہ تھپڑ پڑنے کی وجہ سے کان کی لو کاٹ چکا تھا تبھی خون کی لکیر کان سے گردن میں اتر رہی تھی --- وہ ساکت سر جھکائے کھڑی تھی --- آنکھوں سے آنسو مسلسل گیر رہے تھے

بس مل گئ خوشی "انھوں نے اپنی بیوئ کو بری طرح گھورا جو خود شاکڈ میں تھیں ایسا تو انھوں نے نہیں چاہا تھا ---

شرمندگی سے وہ اسکے پاس بھی نہیں جا سکیں اور پلٹ کر کمرے میں چلیں گئ۔ -- اور ان سب کے جاتے ہی وہ تینوں تیزی سے -- اپنی جان سے پیاری بھابھی کی طرف لپکے --

آپ روم میں چلیں --- "احد نے اسے کندھوں سے تھاما اور اپنے کمرے میں لے آیا ابیھا علیشبہ بھی ساتھ ہی تھیں ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ مسلسل روے جا رہی تھی اور اسکے رونے سے انھیں بھی رونہ آ رہا تھا ---
بھائ بہت برے ہیں -- "ابیھا غصے سے بولی -- تو وہ بھی سسکی --
ہاں بہت برے ہیں "وہ معصومیت سے سر ہلا رہی تھی ---
اسی دوران اسکا فون بجھ رہا تھا -- جسے کسی نے اٹھانے کی زہمت نہیں کی ---
علیشبہ نے اسکے کان کا خون صاف کیا -- اور پھر وہ رات --- انھیں تینوں کے پاس سو گئ ---

---

"مجھے اسپر ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا ---
غصہ اترتے ہی پشتاوں نے گھیر لیا -----
--- عید کا دوسرا دن نہایت بور گزرا تھا --- حیا کسی سے بھی بات نہیں کر رہی تھی
--گھر کی رونق جیسے مانند پڑ گئ تھی --- ساتھ ساتھ رہبان کے دل کی بھی -- سب ہی اسکی خاموشی کو بری طرح محسوس کر رہے تھے --- - وہ خاموشی سے چپ چاپ اپنے فرائض سر انجام دے رہی تھی ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر نہ ہی رہبان کے سامنے آئ اور نہ ہی --- اس سے کوئ بات کی باقی سب سے بھی سرسری ---- سی بات کی -- گھر سے مسلسل امی فون کر رہی تھی مگر وہ کسی کا بھی فون نہیں اٹھا رہی تھی۔ --- بڑے بھائ بھی کئ فون کر چکے تھے --

اگلے دن انکل کی ساری بہنوں اور بھائیوں اور انکے بچوں کی دعوت تھی وہ صبح جلدی اٹھ کر آنٹی کے پاس آگئ ---

آنٹی بتا دیں کیا کیا بنانا ہے --- "انھیں لگا پرسو ں کی بات کے بعد وہ اب کسی کام کو ہاتھ نہیں لگائے گی مگر -- وہ غلط تھیں شرمندگی سی بولنے لگی--

میں نے لسٹ علیشبہ کو رات ہی دے دی تھی ---"انھوں نے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلا کر اٹھ گئ ---

اور پھر وہ مکمل طور پر کام میں جت گئ

ابیھا علیشبہ بھی ساتھ ہی تھیں --- اور آنٹی بھی مدد کر دیتی ---

کام سے فارغ ہو کر اسنے ڈریس بدلنا چاہا مگر سارے ڈریس -- تو اسکے کمرے میں تھے جہاں رہبان -- بھی تھا

علیشبہ میرے کمرے میں سے کوئ سا بھی ڈریس لا دو پلیز "وہ بے زاریت سے بولی --

تو علیشبہ سر ہلا کر ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسکے کمرے میں آگئ ---

بھائ بھابھی کے کپڑے لینے ہیں لے لوں "اسنے پہلے بھائ سے اجازت لینا ضروری سمجھا--

کیوں تمھاری بھابھی کے پاس اپنے ہاتھ نہیں -- ان سے کہو کپڑے لینے ہیں تو خود لیں میرے بہن بھائ نوکر نہیں ہیں اسکے --- "وہ جان بوجھ کر ایسے بولا کہ چلو غصے میں ہی سہی --- روم میں آئے باقی تو وہ منا لے گا

اسکے غصے سے بولنے سے --- جہاں علیشبہ خائف ہوئ وہیں حیا کو مزید رونا آیا --- اور پھر رہبان کی سوچ کے عین مطابق وہ غصے سے کمرے میں داخل ہوئ جو کہ ایک دن کی اسکی غیر حاضری پر اپنی شکل آپ ہی نہیں رہا تھا --- مگر روم کو یا اسکے مالک کو دیکھے بغیر وہ وارڈروب کیطرف بڑھی ---

علیشبہ تم جاو۔ میں خود لے لوگی ---- تم لوگ میرے نوکر تھوڑی ہو جو میرا کام کرو گے -- "وہ روہانسی لہجے میں بول کر وارڈروب کا پٹ کھول کر کھڑی ہو گئ --- علیشبہ اور رہبان کی طرف پیٹھ تھی ---

رہبان کا دل کٹ سا گیا --- وہ اپنی اتنی پیاری دولہن کو مسلسل رولا رہا تھا --مگر خاموش رہا بہن کھڑی تھی بہن کے سامنے تو بیگم کو نہیں منا سکتا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تو بھابھی آپ بھی ہماری نوکر نہیں ہیں جو سارے دن کام میں لگی رہتی ہیں --- اور میں آپ کی بہن ہوں باقی کوئ کچھ بھی کہے --- پلیز کسی کی وجہ سے آپ ہمارا رشتہ خراب نہیں کریں گئ ---- "علیشبہ آگے بڑھ کے حیا کے گلے لگ گئ --- حیا نے جتاتی نظروں اور سرخ چہرے سے اسکی طرف دیکھا -- جبکہ وہ ڈھٹائ سے -- ہنس کر داد دینے والے انداز میں بے آواز تالی بجا رہا تھا ---

میں جانتی ہوں --- تم اب اداس نہ ہو --- فرزانہ آنٹی اور انکے بیٹے بھی آئیں گے اچھی سی تیار ہو جاو ---اوکے -- اور پلیز پلاو کو دم لگایا تھا چولہا بند کر دینا --- "اسنے مسکراتے ہوے -- علیشبہ سے کہا --- جو اوکے بھابھی کہہ کے باہر نکل گئ --- اورحیا نے بغیر اسکی طرف دیکھے -- پیٹھ موڑ کے اپنے کپڑے نکالے --- ابھی وہ وارڈروب کے پاس سے ہٹتی ہی کہ پیچھے سے رہبان نے اسے بازوں کے حصار میں لے لیا ---- حیا نے پرزور کوشش کر کے خود کو اس سے چھوڑانا چاہا مگر ناکام رہی ----

چھوڑیں مجھے ----- نہیں سننا آپکا کوئ سوری مجھے --- "وہ آنسوؤں کے درمیان بولی -- جبکہ اسنے اسکا روخ اپنی طرف کر لیا -----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میں نے تم سے سوری مانگی کب ہے "کان کی لو پر بینڈیج دیکھ کر اسے شرمندگی ہوئ -- نہ جانے کیوں وہ اتنا بے اختیار ہو گیا تھا --- اسنے پسینے سے بینڈیج پر چپکے ہوے بالوں کو ہٹایا -- اور نرمی سے اسکے زخم پر انگلیاں پھیرنے لگا ---

ہاں آپکی انا جو بہت اونچی ہے -- مجھ سے معافی کیوں مانگے گے بھلہ -- "وہ اسکا ہاتھ جھٹکتی --- اب کے مزید رونے لگی تھی ----

رہبان خاموشی سے اسکو دیکھنے لگا ---- حیا نے بھی اپنی غلطی محسوس کر لی تھی ---- یہ بات تو شاید رہبان کے اسکو تھپڑ مارنے سے بھی بڑی تھی کہ اسنے اسکا ہاتھ جھٹکا ----

سوری -- "وہ آہستہ سے بولی -تو-- رہبان نے حیا کو کھینچ کر اپنے سینے میں قید کر لیا --- وہ اسکے شانے سے چپکی رو رہی تھی جبکہ --- وہ اسکے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرنے لگا ----

پلیز رہبان آئندہ کتنا ہی غصہ کیوں نہ ہو --- آپ مجھ پر ہاتھ مت اٹھایے گا --- مجھے خوف آتا ہے- مار پیٹ سے ---- پلیز --- "وہ مسلسل روے جا رہی تھی جبکہ وہ اسکے کپکپاتے لہجے اور آنسوں کو دیکھ کر شرمندہ ضرور تھا مگر منہ سے اعتراف نہیں کر سکا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اوکے --- اب چپ ہو جاو --- میں پرومیس کرتا ہوں نیکسٹ ٹائم تمھاری آنکھ میں کبھی میری وجہ سے آنسو نہیں آئیں گے "کہتے ساتھ ہی اسنے اسکی نم پلکوں کو چوم لیا ---

آئ لو یو "نرمی سے اسکی کان میں بول کر وہ اسکے آنسو صاف کر رہا تھا ---

مگر حیا نے اسکے آئ لو یو کا جواب نہیں دیا ---

اب بھی ناراض ہو -- "اسنے دونوں ہاتھوں میں اسکا چہرہ تھام کر پوچھا ---

نہیں۔ -- "اسنے جواب دیا۔

تو آئ لو یو ٹو --- مجھے پڑوسن کہے گئ --- "وہ شرارت سے مسکرایا -- جبکہ اسنے غصے سے گھورا ---

آپکی بھی -- اور آپکی پڑوسن کی بھی جان نکال لوں گی --- "وہ اسے دھکا دے کر واشروم کیطرف بڑھی جبکہ وہ -- مزے سے بیڈ پر گیر گیا ---

یار جواب تو دیتی جاو "سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا -- جو باتھروم کے دروازے کے پاس کھڑی مسکرا کر اسکو ٹھینگا دیکھا رہی تھی ---

رات کو بتاو گا -- تمھیں تو "وہ زور سے چیخا جبکہ حیا کھلکھلا کر ہنس دی ----

موسلا دھار بارش کے بعد یہ سما اسے بہت بھلا لگ رہا تھا ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مہمان سب آ گئے تھے --- حیا کچن میں کھڑی کھانا نکال رہی تھی جبکہ رہبان کی بے تاب نظریں --- اسی پر تھیں --- وہ لگ بھی تو بہت حسین رہی تھی ---

نیوی بلیو کلر کے پلین انر پر ہلکے پھولکے کام کا اوٹر نیچے ٹائٹ ٹخنوں سے اونچا کیپری --- اور پلین دوپٹہ اور کھلے بالوں اور میکپ جیولری میں وہ اسکے دل پر بجلیاں گیرا رہی تھی --- پورے حال میں اسکے --- جتنی کوئ لڑکی بھی خوبصورت نہیں لگ رہی تھی

نمرہ کی غیر ارادی نظر رہبان پر پڑی --- جو مسلسل اپنی بیوی کو دیکھے جا رہا تھا رہبان اسکی خالہ کا بیٹا تھا اور حیا سے شادی سے پہلے رہبان کا رشتہ نمرہ کے لیے آیا تھا --- جسے اسنے انکار کر دیا تھا --- کیونکہ وہ کسی اور کو پسند کرتی تھی --- اور تب تک رہبان کی مالی پوزیشن بھی -- اتنی اچھی نہیں تھی جتنی اچھی اسکے یونی فیلو ضیغم کی تھی مگر ضیغم جلد ہی اس سے اکتا گیا -- اور آج اسکے ہاتھ سے رہبان بھی نکل گیا -- تھا ---

اسے اسوقت شدید افسوس ہو رہا تھا --- حقیقت میں حیا بھی خاصی --- خوبصورت تھی -- اور نمرہ کے اندر شدید جلن اٹھ رہی تھی --- وہ اٹھ کر -- کچن میں -- حیا کے پاس آگئ ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

علیشبہ حیا ابیھا --- تینوں ہی برتنوں میں کھانا نکال رہی تھی ---

آو میں بھی ہیلپ کر دیتی ہوں -- "نمرہ نے کہا اور حیا کے ہاتھ سے باول ۔لیتے ہوے ڈونگے کو تھوڑا سا تیرچھا کیا --- تو حیا کے ڈریس پر سالن گیر گیا --- حیا ایکدم پیچھے ہو گئ

اوہ سوری سوری --- "نمرہ نے ڈونگا سائیڈ پر رکھ کر --- مصنوعی شرمندگی سے کہا ---

رہبان احد پیچھے سے اسکی حرکت نوٹ کر چکے تھے ----

نمرہ آپی آپ کے ہاتھ کسی کام کے نہیں ہیں -- آپ نہ ہیلپ کریں میری بھابھی کی --- "احد کے کہنے پر -- وہ غصے سے اسے گھورنے لگی ---جبکہ رہبان اور باقی سب کزنز جو پیچھے ہی کھڑے تھے ہنسنے لگے --تو نمرہ پیر پٹکھتی --باہر نکل گئ ---

بری بات احد "حیا نے احد کو گھورا تو وہ کندھے اچکا گیا ---

آپ سب لوگ چلیں -- کھانا لگ گیا ہے -- لیونگ روم میں -- "ابیھا نے آکر اطلاع دی تو سب اس طرف چل دیے حیا نے بھی -- پانی سے شرٹ کو صاف کیا اور لیونگ روم میں آگئ -----

---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آسیہ میں چاہتی ہوں کے اب بچوں کے دن رکھ لیں -- "کھانے سے فارغ ہو کر فرزانہ آنٹی جو کہ آسیہ)رہبان کی امی (کی بڑی نند تھیں انھوں نے کہا --- انکے اسطرح اچانک کہنے سے سب میں ہی چیمگویاں بڑھنے لگیں --- علیشبہ تو وہاں سے اٹھ کر فورن ہی روم میں چلی گئ -- ابیحا اور باقی کزنیں بھی اسکو چھیڑنے کی غرض سے علیشبہ کے کمرے میں چلیں گئیں --- اب وہاں بڑے بڑے ہی بیٹھے تھے۔

کیوں نہیں باجی --- یہ تو اچھی بات ہے بچوں کے فرضوں سے جلد فارغ ہو جائیں گے -- "آنٹی نے مسکرا کر کہا ---

اور پھر شادی کی تاریخ دو ماہ بعد کی رکھ دی گئ ---

سب ہی خوش تھے --- ایک بار پھر میٹھا کھلایا گیا ---

جو حیا ہی سب کو پیش کر رہی تھی --

بھئ تمھاری بہو بہت ہی پیاری ہے --- "رہبان کی پھوپھو نے حیا کو پیار سے دیکھا تو حیا شرما سی گئ جبکہ نمرہ کو تو آگ ہی لگ گئ ---جبکہ نمرہ کی والدہ نے بھی ناگواری سے پہلو بدلہ

ہاں میری بہو بہت پیاری بھی ہے اور خوب سیرت --- اور فرمابردار بھی "انھوں نے بھی پیار سے کہا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان بھی اسے پیار بھری نظروں سے دیکھنے لگا --- بلاشبہ اسکا انتخاب بہترین تھا ---

---

اب علیشبہ کے جہیز کا سارا انتظام آپ مجھ پر چھوڑ دیں فرنیچر وغیرہ کا آرڈر تو میں فورن ہی دے دوں گا تاکہ --- بعد میں مسلہ نہ ہو --- اور کراکری الیکٹرونکس کا سامان بھی جلد ہی خرید لیں گے --- آپ لوگ کپڑوں کا انتظام کر لیجیے گا ---- باقی ہال وغیرہ -- بابا دیکھ لیں گے ---

اورفوٹوگرافر کی بات میں احد سے کر لوں گا اسکا کوئ دوست ہے وہی آ جائے گا ----

دن کم ہیں اسی لیے کام زراجلدی جلدی کرنا ہو گا "اسوقت کمرے میں رہبان آسیہ بیگم اور سفدر صاحب دو ماہ بعد رکھی گئ شادی کی پلینگ کر رہے تھے ---

رہبان نے سارا پلین ترتیب کر کے آسیہ بیگم کے سامنے رکھا --- جو انھیں معقول بھی لگا---

رہبان میرے دماغ میں ایک بات آ رہی ہے "آسیہ بیگم نے سفدر صاحب کے اٹھ کر واشروم جاتے ہی اپنے دماغ میں اٹھتی بات بیٹے کو بتانا چاہی --

جی امی بولیں "رہبان نے کہا اور ساتھ رکھا کافی کا مگ لبوں سے لگا لیا --- ابھی ابھی حیا ہی یہاں اسکے لیے کافی رکھ کے گئ تھی----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میں سوچ رہی ہوں ہم ابیحا علیشبہ کی شادی ایک ساتھ کر دیں --- تم کیا کہتے ہو اس بارے میں "

انھوں نے بیٹے کی رائے جاننی چاہی ---

ہاں بات تو ٹھیک ہے ویسے بھی ان دونوں کی عمروں میں فرق بھی نہیں ہے --مگر ابھی ابیحا کے لیے تو۔ -- "اسنے بات ادھری چھوڑ دی جبکہ آسیہ بیگم نے بات سمجھتے ہوے سر ہلایا ---

یہ ارہم اپنی ابیحا کے لیے کیسا رہے گا -- "۔ بلآخر وہ دل کی بات لبوں پر لے ہی آئیں ---

حیا کا بھائ --- "رہبان نے کپ سائیڈ میں رکھتے ہوے حیرت سے پوچھا ---

ہاں ہاں وہی "

مگر وہ ہماری ابیحا سے کافی بڑا ہے امی "رہبان کو یہ جوڑ کچھ مناسب نہیں لگا ---

یہ تم حیا سے کتنے بڑے ہو --- زرا بتانا "انکی بات پر وہ سوچ۔ میں پڑ گیا ---وہ حیا سے سات سال بڑا تھا ---- اور ارہم اور ابیحا کی عمروں میں بھی تقریبا سات آٹھ سال کا ہی فرق تھا --- انھوں نے بیٹے کو سوچ میں دیکھ کر اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

گھر کا بچہ ہے -- سمجھدار ہے --- میں اپنی دونوں بیٹیوں سے ایک ساتھ فارغ ہونا چاہتی ہوں -- تم حیا سے بات کرو "اور پھر وہ اثبات میں سر ہلاتا وہاں سے اٹھ گیا ----

ایسا ہو جاتا تو اچھا ہی تھا -- اسطرح انکا رشتہ مزید مضبوط ہو جاتا ---وہ سوچتا ہوا روم میں داخل ہوا --- جہاں حیا ---نائٹ ڈریس میں بغیر میکپ کے بالوں کا جوڑا بنائے ---- ڈریسنگ کے سامنے بیٹھی --- اپنے کومل بازوں پر لوشن لگا رہی تھی --- اور ساتھ ساتھ کانوں میں آئیر فونز پر کسی سے باتیں بھی کر رہی تھی ---

وہ مسکراتا ہو اسکے نزدیک آگیا -- اور جھک کر ۔ اسکے بالوں پر پیار کر کے --- وہ بیڈ پر لیٹ کر اسی کیطرف دیکھنے لگا ---

حیا نے -- سیل فون اف کر کے --- سائیڈ میں رکھا اور اسکی طرف مڑی چہرے پر دلکش مسکان تھی ---

ڈو یو نو "وہ بولی ---

نو آئ ڈونٹ نو "وہ ہنسا ---

سنیں نا-- "حیا نے منہ بنایا ---

اچھا بولو -- "وہ دل و جان سے اسکی طرف متوجہ ہوا--

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آپ کو پتہ -- بڑے بھائی نے شادی کے لیے ہاں کر دی ہے "وہ خوشی سے چھک رہی تھی --- رہبان نے اسکا بازوں پکڑا اور اسکو بیڈ پر اپنے ساتھ لیٹا لیا---

یہ تو بہت اچھی بات ہے "وہ اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوے بولا ---

ہاں نہ --- مجھے تو بہت خوشی ہو رہی ہے دو دو شادیاں ہو گئیں --- سب کیسے مینیج ہو گا "حیا پریشانی سے بولی ---

ہو جائے گا -- دونوں ہی گھر کی شادیاں ہیں -- "رہبان نے کہا -- وہ جانتا تھا --- جو بات وہ حیا سے کہے گا وہ اسے پورا لازمی کرے گی --- تبھی پرسکون تھا۔

ہاں یہ تو ہے --- ارے لڑکی کا تو میں نے بتایا ہی نہیں "وہ ایکدم اٹھ کر بیٹھ گئ --- رہبان جو آنکھیں بند کر چکا تھا اسکے اٹھنے پر اسکو دیکھنے لگا ---

میں جانتا ہوں "رہبان نے سیریس ہو کر کہا ---

اچھ تو پھر بتائیں ---کون "وہ سکون سے اسکی طرف دیکھنے لگی ---

ابیحا "رہبان کے اچانک کہنے پر اسے لگا جیسے اسکے سننے میں فرق۔ ہوگیا ہو۔ ----

جی -- "وہ حیران ہوئ ---

ہاں --- دیکھو میرا خیال ہے کہ ابیحا اور ارہم کی جوڑی بہترین رہے گی --- تم اپنی امی اور بھائی سے بات کرو اس موضوع پر "

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آپ آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں --- رہبان ابیھا تو ارہم بھائ سے بہت چھوٹی ہے "حیا کی حیرانگی اب بھی کم نہیں ہوئ تھی اسکے لیے یہ بات غیر متوقع تھی ---

"تم بھی مجھ سے عمر میں بہت چھوٹی ہو تو کیا میں نے تمھیں خوش نہیں رکھا ہوا ۔

رہبان -- کا انداز اچانک ہی سخت ہونے لگا تھا ---

میں جانتی ہوں مگر ہماری شادی تو پسند کی شادی تھی ---- "اسنے یاد دلانا چاہا ----

میری بہن میں کوئ کمی نہیں تمھارا بھائ خود با خود اسے پسند کرنے لگ جائے گا تم بس اپنی امی سے بات کر لو۔ "اسنے حتمی لہجے میں کہا ---

رہبان ----- وہ --- وہ --- ارہم بھائ کسی اور کو پسند کرتے ہیں ---- پھر ایسا کیسے ہو سکتا ہے --- اور اور --- میرے خیال سے وٹا۔ سٹا کچھ ٹھیک نہیں رہے گا "وہ جھجھک کے اپنے اندیشے بتانے لگی ----

وہ چند لمحے ---- اسکی طرف یوں ہی دیکھتا رہا۔ ---- اور پھر غصے سے بولا ---

میری بہن کو کبھی اپنی بہن سمجھا ہوتا تو ایسا نہ کہتی "کہتے ساتھ ہی پیچھے کو ہو کر -- آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹ گیا۔ ---

غصہ تو اسے اسوقت حیا۔ پر بہت آ رہا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اور یہ بات حیا کو بھی محسوس ہو گئ ---مگر وہ بھی کیا کرتی--- ایک عرصے بعد اسکا بھائ ---- خوش تھا--- عروش اسکو پسند تھی پھر اب وہ اپنے بھای کی خوشیاں کیسے برباد کر دیتی ---

نہیں وہ ایسا نہیں کر سکتی تھی ------

"رہبان آپ بات سمجھنے کی کوشش

شیٹ اپ حیا-- "ابھی اسکی بات ادھری تھی کہ وہ غصے سے چلایا --

اب مزید مجھ سے بات مت کرنا --- سمجھیں "وہ وارن کرنے والے انداز میں بولا --- حیا کی آنکھیں آنسوں سے لبریز ہو گیئں ۔

اوکے میں امی سے بات کروں گی--- "وہ ہلکی سی آواز میں ممنائ ---

ضرورت نہیں ہے اس احسان کی "وہ اب بھی تڑخ کے بولا ---

پلیز رہبان مجھے کچھ ٹائم تو دیں -- "وہ رو دینے کو تھی --- مگر رہبان پیٹھ موڑ کر لیٹ گیا ----

جبکہ حیا اسکی بےرخی پر دوسری سائیڈ پر لیٹ گئ -- اسکی آنکھ سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر تکیے میں جزب ہو رہے تھے کمرے کی خاموشی میں اسکی مدھم سسکیاں رہبان کو بے سکون کر رہیں تھیں ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

کچھ دیر تو وہ اسکے چپ ہونے کا انتظار کرتا رہا --- پھر جھٹکے سے پلٹا اور اسکو اپنے نزدیک کھینچ کر -- اسکے سسکتے لبوں پر---- اپنا بھاری ہاتھ رکھ دیا۔

اب آواز نکلی تو یہیں گردن دبا دوں گا "بڑی بڑی آنکھوں سے اسے گھورتے ہوے بولا -- مجھے مثبت جواب چاہیے حیا --- "اسکے کان میں سرگوشی --کرتے ہوے --- وہ اپنی من مانیوں پر اترنے لگا تھا ---- جبکہ حیا کا دماغ ارہم کے گرد تھا ---- وہ کسی صورت یہ بات نہ مانتا --

مگر تادیر نہ رہ سکا --- رہبان کی بڑھتی جسارتیں اسے خود میں سمیٹنے پر مجبور کر رہیں تھیں

--

تقریبا ایک ماہ بعد آج وہ اپنی امی کے گھر آئ تھی تبھی بے پہنا خوش تھی --- بڑے بھائ کو تو دیکھ کر --- آنسو ہی نکل آئے تھے کیونکہ اس بار وہ دو سال بعد آئے تھے۔

سب نے ہی اس سے شکوے کیے کے عید پر نہیں آئ -- امی تو بقائدہ ناراض بھی ہوئیں ---مگر اسنے جلد ہی سب کو منا لیا --- رہبان بھی ساتھ ہی آیا تھا --- گھر کا داماد ہونے کی حثیت سے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا --گیا تھا --مگر وہ زیادہ دیر نہ رک سکا۔ -

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

کھانا کھا کر وہ اپنے کسی دوست کے ہاں چلا گیا تھا ----

حیا نے جھجھکتے ہوے امی سے رہبان کی بات کی ---- دل تو اسکا بلکل نہیں تھا یہ بات کرنے کا مگر کیا کرتی ۔

رہبان نے کبھی اسکے دل کی نہیں سنی تھی----

حیا۔ --- میرے بیٹے نے ایک عرصے بعد مجھ سے فرمائش کی ہے--- اور وہ اس لڑکی "کو پسند بھی کرتا ہے -- برگیڈیر نواز کی بیٹی ہے -- تمھاری شادی میں آئ تھی ۔

میں جانتی ہوں امی --- میں خود بھی ایسا کچھ نہیں چاہتی --- مگر کیا کروں میری تو کچھ سمجھ میں نہیں آرہا ---- رہبان میری کوئ بھی بات سننے کے لیے تیار ہی نہیں ہیں ---- "وہ بے بسی سے بولی ----

کیا باتیں ہو رہی ہیں بھئ -- "ارہم ڈھیلے سے ٹراوزر شرٹ میں فوجی کٹ بالوں اور اپنی سرخ وسفید رنگت پر بڑھئ ہوی بریڈز سمیت بہت خوبرو لگ رہا تھا -- وہ دونوں بہن بھائ ہی --- خوبصورتی کی مثال آپ تھے---

وہ صوفے پر حیا کے برابر میں بیٹھ گیا ----

جبکہ امی سامنے بیڈ پر بیٹھی تھیں --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

لیڈیز خیریت ہے۔ --- اتنی سنجیدگی -- "ارہم نے دونوں کو سوچ میں ڈوبا دیکھا تو --- زور سے بولا ---

کیا ہے بھائ بندہ کچھ دیر خاموش بھی نہیں رہ سکتا -- "حیا نے منہ بنایا---تو ارہم نے اسکے سر پر چپیت لگائ ---

میری چڑیا چہکتی ہوی اچھی لگتی ہے --- اوکے--- اور آپ دونوں عروش سے مل آئیں --- میں نے اسکو انفارم کر دیا ہے "ارہم نے بتایا ---

اچھا جی ---- رابطے بھی ہیں "حیا نے مسکراتے ہوے چھیڑا تو وہ بھی مسکرا دیا ---

میڈیم میرے کارنامے پھر بھی تمھارے شوہر کے کارناموں سے کم ہے---- "حیا جھینپ گئ ---یہ تو حقیقت تھی رہبان کی دیونگی کسی سے چھوپی ہوئ کہاں تھی --- اور وہ کون سا چھوپانا جانتا تھا ---

وہ ہر معاملے میں بے باک تھا ----

ارہم کا فون بجنے لگا ---- عروش کا ہی فون تھا -- حیا نے اسکا فون جھپٹ کر خود اٹینڈ کیا۔ -جبکہ وہ ارے ارے کرتا رہ گیا ---

اور پھر ---- وہ عروش سے بہت دیر تک باتیں کرتی رہی۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

ارہم بھی ساتھ ہی باتیں کر رہا تھا -- حیا نے محسوس کیا اسکا بھائی بہت خوش ہے ---
اور وہ کیسے اپنے بھائی کی خوشیوں کے بیچ میں آگی ہے --

رات کا کھاناکھاکروہ رہبان کے ساتھ۔ گھر آرہی تھی --
گاڑی میں ---بلکل خاموشی تھی ----
حیا کا دماغ سوچ سوچ کر تھک چکا تھا ----کہ وہ کیسے رہبان کو منع کرے۔ ---
تم نے آنٹی سے بات کی "وہ اچانک ہی بولا ---
جبکہ وہ چونک گئ ----
جی--- جی کی تھی--"وہ سر جھکاے اپنی انگلیوں سے کھیل رہی تھی --- رہبان
--ڈرائیونگ کے دوران اسپر بھی نظر ڈال لیتا ----
"پھر کیا کہا انھوں نے
رہبان ---- "اسنے ہمت مجتمع کرتے ہوے -- دوبارہ اس سے بات کرنا چاہی --
"ہم بولو

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان ---- ہماری ابیحا کے لیے --- ایک سے بڑھ کے ایک رشتہ مل جائے گا بڑے بھائ --- تو ویسے بھی کسی اور کوپسند کرتے ہیں---- اور آپ جانتے ہیں --- ہماری ابیحا کے لیے ہی مشکل ہو جائے گی "رہبان نے خاموشی سے اسکی بات سنی ---- مگر کوئ جواب نہیں دیا---

جبکہ اسکی خاموشی حیا کو کھلنے لگی -----

اسنے دو تین بار اسکو مخاطب کرنا چاہا ---- مگر اسکی خاموشی نہیں ٹوٹی --- اتنے میں گھر بھی آگیا ---اور وہ اسی طرح خاموشی سے ---- گاڑی سے اتر کر--- اندر چلا گیا جبکہ وہ--- اپنی ساس کے کمرے میں سلام کرنے چلی گئ ---

وہاں سے باہر نکلی تو--- کوریڈور سے گزرتے ہوے اسے بالکنی میں کوئ بولتا ہوا محسوس ہوا ---

اسنے قدم بالکنی کی طرف بڑھا دیے ----

احد --- تھا --- اسکے انداز سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ --- وہ کسی لڑکی سے بات کر رہا ہے -- حیا کو اسکے کھسر پھسر والے اندازپر --- بہت ہنسی آئ -- صبح اس سے بات کرنے کا ارادہ کر کے ----وہ اپنے کمرے میں آگئ ---- اسے رہبان کو سوتا دیکھ شدید جھٹکا لگا --- وہ کبھی بھی اسکے بغیر نہیں سوتا تھا --- حیا کو جی بھر کے رونا آیا ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسنے وارڈ روب سے سادہ سا سوٹ نکال کر پہنا اور بستر پر آکر لیٹ گئ ----

وہ جانتی تھی -- اسکی اس حرکت پر بھی -- رہبان کو شدید غصہ آتا تھا ---- اسنے اپنی مرضی سے اسکو کئ نائٹ ڈریس لا کے دیے تھے مگر جب وہ نہیں پہنتی تھی تو وہ غصہ کرتا تھا --- مگر آج --- وہ بھی تو اپنی عادت کے خلاف گیا تھا تو وہ کیوں نہیں ---

حیا بھی اس سے پیٹھ موڑ کے لیٹ گئ ----

صبح وہ اسکے اٹھنے سے پہلے اٹھ گیا تھا----

حیا کو اندازہ ہو گیا --- کہ بات اب تک بگڑی ہوئ ہے --- وہ جلدی سے ڈریس چینج کر کے --- بغیر چہرے پر کچھ لگائے سادے منہ سے سر پر دوپٹہ رکھ کر کمرے سے باہر آ گئ --- اسے یہ دیکھ کر شرمندگی سی ہوئ کہ سب ہی جاگ گئے تھے اور اسکی ساس ناشتہ بنا رہی تھی وہ پل کی چوتھائ میں --- کچن میں انکے پاس پہنچی ---

مگر انکے انداز --- اکھڑے اکھڑے سے تھے- -

وہ ایک لفظ بھی اس سے نہیں بولی تھی ---

اسے رونا آنے لگا ---- مگر پھر بھی وہ انکی ہیلپ کرتی رہی -- اور باہر ڈیبل پر سب کے سامنے ناشتہ بھی لگا دیا اب وہ رہبان کی کافی بنا رہی تھیں

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

--آنٹی آپ رہنے دیں یہ کافی میں بنا دیتی ہوں -- "اسنے انکے ہاتھ سے سامان لینا چاہا مگر انھوں نے ہاتھ جھٹک دیا---- وہ حیرت سے انکی طرف دیکھ رہی تھی گلے میں آنسوں کا گولہ پھنسنے لگا۔ --

لازمی رہبان انھیں سب بتا چکا تھا۔۔ تبھی انکا رویہ ایسا تھا ---

جاو --- ڈیبل پر جا کر ناشتہ کرو "انکے لہجے میں واضح -- سختی تھی ----

وہ چاہ کہ بھی مزید بات نہ کر سکی --- آنسو کو گلے میں اتارتے ہوے --- وہ باہر ٹیبل ہر آگئ ---

رہبان کی ساری توجہ نیوز پیپر پر تھی--- احد موبائل میں مگن تھا ---جبکہ انکل بھی نیوز پیپر دیکھ رہے تھے علیشبہ ابھی ابھی ناشتے کی ٹیبل پر نہیں آئ تھیں ...

وہ خاموشی سے سر جھکائے بیٹھی تھی --- اتنے میں آنٹی بھی آگئیں --- رہبان کے آگے کافی کا مگ رکھا جو اسنے فورن لبوں سے لگا لیا --- اور احد کو گھورا۔ --

تمھیں ابھی تھوڑی دیر پہلے کہا تھا ان دونوں مہارانیوں کو بھی اٹھا دو "وہ سخت تیوروں میں بولیں احد تو گڑبڑا ہی گیا۔ جبکہ انکل اور رہبان اب بھی اپنے کام میں مگن تھے -- آنٹی میں بولا لاتی ہوں --- احد تم ناشتہ کرو "وہ احد کو کہتے ہوے اٹھی ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میں نے تم سے بات نہیں کی --- حیا --- میں جسے کہہ رہی ہوں۔ -- اسے ہی کرنے دو --- اور احد کے معملے میں تم مت بولا کرو --- بگڑنے لگ گیا ہے یہ "سرد لہجے میں کہتے ہوے--- انھوں نے احد کو گھورا ---

جو اپنی بھابھی کی ہی طرف دیکھ رہا تھا -- اسے خود پر غصہ بھی آیا --- اسکی وجہ سے انھیں ڈانٹ پڑ گئ تھی --

وہ چپ چاپ -- اٹھ کر ان دونوں کو اٹھانے چلا گیا --جبکہ حیا کو لگ رہا تھا اسکا وجود پتھر کا ہو چکا ہے ----

آنکھوں میں آنسووں کا سیلاب امڈ رہا تھا ---- وہ حیران و پریشان کبھی رہبان کو تو کبھی آنٹی کو دیکھ رہی تھی جو اپنے اپنے ناشتے میں مگن تھے ---

بیٹی تم بیٹھ کر ناشتہ کرو -- "آنکل نے اسکے چہرے کے اڑتے رنگوں کو دیکھا تو بولے--- اور آسیہ بیگم جب آپ سے کام نہیں ہوتے --- تو ہماری بہو ہے -- خیر سے سوگھڑ ہے اس سے کرایا کریں ۔ مگر کام کر کے -- غصہ مت ہوا ۔کریں "وہ نرمی سے بولے جبکہ انٹی نے انکی کسی بات کا جواب نہیں دیا ۔حیا کرسی پر گیر سی گئ ۔

اوکے امی میں چلتا ہوں --- رات میں ملاقات ہو گی۔ -- "رہبان آفس جانے کے لیے اٹھا -- ماں باپ سے دوعائیں لی اور اسکی طرف دیکھے بغیر باہر نکل گیا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

حیا -- نم آنکھوں سے اسکی پشت کو دیکھتی رہ گئ- --

حیا آج تمھاری طبعیت ٹھیک ہے یا نہیں --- رہبان تمھارا ہی شوہر ہے --- باہر تک اسکے ساتھ روز جاتی ہو پھر آج کیا ہوا ہے -- "آنٹی نے کڑے تیروں سے اسے گھورا --تو وہ گڑبڑا کر اٹھی --

اور رہبان کے پیچھے گئ جو گاڑی پورچ سے نکال رہا تھا ---

شام میں جلدی آیئے گا -- "حیا نے معمول کی طرح -- اسے مسکراتے ہوے کہا --جبکہ وہ تو ایسا بن گیا جیسے سناہی نہ ہو ----...بغیر کچھ بولے گاڑی میں بیٹھ کر وہ زن سے گاڑی پورچ سے نکال کرچلا گیا --جبکہ اب حیا کی برداشت ختم ہو چکی تھی-- دونوں ہاتھوں میں چہرہ چھوپا کر وہ وہیں رو دی ---

---

آج صبح سے آنٹی کا اسکے ساتھ رویہ بہت برا تھا انھوں نے اسے کسی کام کو ہاتھ نہیں لگانے دیا --حیا کی کسی بات کا کوئ جواب نہیں دیا --

بلکہ جب جب ابیھا علیشبہ اس سے بولتیں وہ انھیں بلاوجہ جھڑک دیتیں ---

احد --- سے اسنے خود سے کوئ بات نہیں کی تھی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

۔۔۔اور آنٹی نے بھی آج اسے۔۔ اپنے کاموں میں الجھایا ہوا ۔۔ تھا

ایسا ماحول اسکے لیے پچھلے چھ ماہ میں نہیں تھا جیسا آج تھا ۔۔۔حیا کا دم گھٹ رہا تھا ۔۔

وہ کمرے میں آکر خوب روئ ۔۔۔

دل ہلکا کر کے ۔۔۔ اپنی امی کو فون ملایا ۔۔

اور انھیں ساری روداد ایک بار پھر سے رو رو کے بتائ۔۔ تو وہ بھی پریشان ہو گیئں ۔۔

انھوں نے ارہم سے اس موضوع پر بات کی تھی مگر اسنے صاف انکار کر دیا تھا ۔۔ اور وہ

ایک اینچ بھی اپنے فیصلے سے ہٹنا نہیں چاہتا تھا ۔۔۔ انھوں نے یہ بات حیا کو بھی بتا

دی ۔۔۔ جبکہ اب ۔۔۔ وہ مزید رونے لگی تھی ۔۔

امی میں کیا کرو ۔۔۔ "رونے سے اسکی آنکھیں اور لب سرخ ہو چکے تھے ۔۔۔۔

حیا تم رو تو نہ اپنی طبعیت خراب کر لو گی ۔۔ "انھیں بیٹی کی فکر ہونے لگی تھی ۔۔۔

چھوڑ دیں امی میری طبعیت کو ۔۔میرا دم گھوٹ رہا ہے مجھ سے نہیں رہا جا رہا یہاں ۔۔۔

ایکدم ۔۔ اجنبی ہو گئے ہیں رہبان میرے لیے..آپ آپ بھائ سے بات کر کے دیکھیں۔

ایک بار پھر ۔۔ "وہ جانتی تھی وہ خودغرض ہو رہی تھی ۔۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر اگر اسی طرح حالات رہتے تو--- وہ یقینا رہبان کی بے روخی برداشت نہ کرتے ہوے مر جاتی --- امی نے اسے تسلی دی --- تھی کہ وہ دوبارہ بات کریں گیئں مگر وہ دونوں ہی جواب جانتی تھیں ---

فون بند کر کے --وہ بیڈ پر لیٹ گئ --- رو رو کر سر بھاری ہو رہا تھا -- تبھی اسکی آنکھ لگ گئ --

---

اسکی آنکھ کھلی تو کمرے میں ہلچل سی محسوس ہوئ -- اسنے گھڑی کی طرف دیکھا سات بج رہے تھے مطلب رہبان بھی آ چکا تھا --وہ شاور لے رہا تھا تبھی پانی گیرنے کی آواز واشروم سے آ رہی تھی--- اسے شرمندگی ہوئ --

وہ کتنی دیر --تک سوتی رہی آنٹی کیا سوچ رہی ہوں گی---- ابھی وہ بیٹھی انھیں سوچوں میں گم تھی کہ --- رہبان شاور لے کر باہر آ گیا ---

اسنے ایک پل کے لیے اسکی طرف دیکھا --- اور اتنے میں ہی وہ اسکا جائزہ لے چکا تھا --- ملگجے سے کپڑوں میں --- اترے ہوے چہرے کے ساتھ --- وہ اسے بلکل اچھی نہ لگی ------

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تیار ہو جاو ایک دوست نے بلایا ہے دعوت پر "روکھے لہجے میں کہتے ہوے اسنے بالوں میں برش پھیرہ ---

حیا کو دوبارہ رونا آنے لگا یہ ہی بات وہ پیار سے بھی کہہ سکتا تھا -----

آنکھوں میں نمی لیے -- وہ اٹھی ---- اور اسکے پیچھے جا کر کھڑی ہو گئ ---- رہبان اور اسکا عکس شیشے میں واضح ہو رہا تھا ---- رہبان نے اسکی موجودگی کا نوٹس لیے بغیر -- اپنے اوپر سپرے کیا ----

تبھی حیا نے اسکی پشت پر سر ٹکا دیا -----

پلیز رہبان میرے ساتھ ایسا رویہ مت رکھیں "گلگیر لہجے میں کہتے ہوے اسنے --- اسکی پشت پر ہاتھ باندھ لیے ----

حیا ہٹو اور تیار ہو جاو ۔ "لہجے میں اب بھی خفگی ضرور تھی مگر سختی نہیں تھی --

حیا کو مزید رونا آیا ---

رہبان ---- آپ آپ جو کہے گے ویسا ہی ہو گا --- پلیز مگر میرے ساتھ ایسا مت کریں ---- "ہر بار کی طرح حیا نے اپنے سارے ہتھیار گیرا لیے --- تھے --- وہ نہیں جانتی تھی وہ ایسا کیوں کہہ رہی ہے ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر تمھارا بھائ --ذلیل انسان وہ پھر بھی نہیں مانے گا -- "اچانک ہی رہبان نے غصے سے اسکے ہاتھ جھڑک دیے ---- اور پلٹ کر بیڈ پر بیٹھ گیا --- جبکہ حیا -- جلدی سے پلٹ کر اسکے سامنے -- آگئ اور دونوں ہاتھوں میں اسکا چہرہ تھام کر -- وہ اس سے وعدہ کر رہی تھی ----

یہ جانے بغیر کہ مقابل اسکا بھائ ہے ----

مگر پھر بھی رہبان --- کے لیے وہ کچھ بھی کر سکتی تھی --

" نہیں ایسا نہیں ہو گا --- میں انھیں منا لوں گی --- میں وعدہ کرتی ہوں ---

بس اتنی سی بات تھی رہبان --- کے چہرے کے تاثرات نرم پڑ گئے --- اسنے --- حیا کی کمر پر ہلکا سا دباو ڈال کر اسے اپنی گود میں بیٹھا لیا ---

تمھیں پتا ہے حیا --- ابیھا مجھے بہت عزیز ہے ---- میں اسے احد سے بھی چھوٹا سمجھتا ہوں ---- وہ بہت نازک مزاج ہے --- اور میں کسی غیر کو دے کر --- اپنے آپ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا --- اور آئ ڈیم شور --- ارہم اسکے ساتھ خوش رہے گا "وہ مسکرایا ---

حیا بس اسکی خد غرضی دیکھتی رہ گئ --- سولی پر تو وہ لٹکی تھی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر اسکے مسکرانے پر وہ بھی ہلکا سا مسکرائ ---- تبھی رہبان نے جھک کر اسکی مسکراہٹ کو پیار کیا ----

جان من آپکی سماعل میں ہماری جان بستی ہے ---- کل سے اب تک بڑی مشکل سے رہا ہوں "وہ اپنی ہی بات پر کھل کر ہنسا--- حیا کے چہرے پر سرخی سی پھیل گئ --پھر یاد آنے پر بولی --

آپ نے آنٹی کو بھی بتا دیا --- "وہ آنکھوں میں نمی لیے بولی ---

جان عزیز ---آپکی ساس باربار پوچھ رہی تھیں تو میں نے بتا دیا "اسنے کندھے اچکائے ---

انکا بیہیو میرے ساتھ بلکل اچھا نہیں تھا --- "اسنے جیسے شکوہ کیا ---

" سب ٹھیک ہو جائے گا ڈونٹ وری --- اور یہ اپناحلیہ دیکھنا --کیا ماسی بنی ہوئ ہو اسنے اسکے ملگجے کپڑوں پر چوٹ کی --تو وہ مسکرائ ---

"آپکا ہی قصور ہے آپکی ناراضگی نے مجھ سے میرے سارے رنگ چھین لیے --

تو میں دبارہ بھر دو گا --- وہی رنگ اسی طرح "وہ معنی خیزی سے بولا تو حیا جلدی سے اسکی گود سے اٹھ گئ --- شرمیلی سی مسکراہٹ نے چہرے پر قوس قزہ بکھیر دیا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اب شرمانا بعد میں ابھی تو چلو سکندر نے خصوصی تمھیں انوائٹ کیا ہے --- "وہ بیڈ پر سکون سے لیٹتا ہوا بولا

اچھا جی "اسنے کہتے ہوے وارڈروب کھولی اور کپڑے نکالنے لگی ---- رہبان کے نرم رویے نے اسے پرسکون کر دیا تھا وہ نہیں جانتی تھی وہ اپنا وعدہ کیسے پورا کرے گی ---اسوقت وہ صرف یہ جانتی تھی اسکا شوہر اسکے اتنے سے وعدے سے خوش ہو گیا ہے ---

اسنے پوری الماری میں کپڑوں پر توجہ ڈالی ---ڈریسنگ کے لیے رہبان بہت کونشیس رہتا تھا تبھی ایک سے بھڑ کر ایک ڈریس اسکے پاس تھا ---مگر پھر بھی اسنے -- یلو کلر کا -- کامدار فراق نکال لیا ---- اور --- شاور لینے کی غرض سے --- واشروم جانے لگی ---- تبھی رہبان کی آواز پر رکی---

تم یہ پہنو گی -- "اسنے پوچھا جبکہ حیا نے اثبات میں سر ہلایا ---

میڈیم ---- آپ میری بیوی ہیں تو یہ کومن --- کلرز نہ ہی پہنو -- وہ چیز پہنو کہ سب دیکھتے رہ جائیں---- "وہ اسکے ہاتھ سے ڈریس چھینتا ہوا بولا جبکہ حیا مسکرا دی --- وہ ایسا ہی تھا ---- وہ جانتی تھی --- اور ایسا ہی وہ اسکو بہت پسند تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان نے وہ ڈریس دوبارہ ہینگ کر کے۔ -- پوری الماری کا جائزہ لیا تو اسے سب کچھ ہی پرانا لگا ---

تم نہ کل میرے ساتھ چلنا ہم شاپینگ پر چلیں گے --یہ سب پرانے ہو گئے ہیں "وہ وہیں سے بولا ----

جبکہ حیا اسکے پاس آگئ --

ابھی عید پر ہی شاپینگ کی ہے --- "وہ حیرت سے بولی ---

ہاں تو وہ شاپینگ پہن بھی تو لی ہے "وہ ایک ایک ڈریس نکال کر اسکے ساتھ لگا کر چیک کرنے لگا ---

اور پھر بلآخر اسکو اپنی مطلوبہ چیز مل ہی گئ --- یہ ڈریس کبھی اسنے گھر میں نہیں پہنا تھا بلکہ رہبان کے سامنے بھی نہیں پہنا تھا ---کیونکہ --- ڈریس ہی ایسا ---تھا--- بلیک کلر کی لونگ ریشمی میکسی۔ جس پر گولڈن کلر کا ہیوی کام ہو رہ تھا --- بازوں سیرے سے تھے ہی نہیں -- جبکہ گلے میں نیک تھی گردن سے چپکی ہوئ ایسے جیسے کوئ پٹا --ہو---- اور اس پر بھی گلڈن نگوں سے کام ہو رہا تھا ایک بیل کی صورت --- اس نیک کے نیچے شولڈرز اور نیک بون سے تھوڑا سا نیچے ساری نیٹ تھی --- جس سے جسم صاف عیاں ہوتا --- جبکہ یہی ہال کمر کا تھا۔ --- آدھی کمر پر باریک نیٹ تھی۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اور کمر کے بیچ میں زیپ لگی تھی -- جس کے ارد گرد بیلوں کی صورت میں گولڈن نگوں سے کام ہو رہا تھا ----

وہ ڈریس --- بہت الرڈا موڈ تھا۔

یہ بیسٹ ہے "رہبان نے مسکرا کر اسکے ہاتھ میں ڈریس تھما دیا

نہیں رہبان پلیز۔ --- یہ تو بہت گندہ ڈریس ہے "وہ دو قدم ایسے پیچھے ہوئ --- جیسے اسنے سانپ پکڑا ہو ---

دیکھو میرے پاس ٹائم نہیں ہے --- اور تمھیں ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں اول تو تمھارا شوہر تمھارے ساتھ ہے --- دوم کسی میں جرت نہیں کے میری بیوی کو دیکھے --- اور ایک اور بات سکندر کی پارٹیز ایسی ہی ہوتی ہیں جاو اب شاباش "اسنے اسے واشروم کیطرف دھکا دیا۔--- تو وہ بے بس سی -- اسکا حکم ماننے کے لیے تیار ہو گئ ---

....

تقریبا بیس منٹ بعد --- وہ باہر نکلی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میکسی پہن کر خود کو شیشے میں دیکھ کر اسے بہت شرم آئ تھی اسکی دودھیا رنگت سیاہ لباس میں خوب دمک رہی تھی ۔۔وہ گھبراتی ہوئ باہر نکلی ۔۔۔۔رہبان صوفے پر ہی بیٹھا تھابلیک تھری پیس میں وہ شاندار لگ رہا تھا ۔۔۔ مگر ہمیشہ کی طرح حیا کو سامنے دیکھ کر وہ اسے دیکھتا ہی رہ گیا ۔۔

حیا ۔کی پلکیں اسکی والہانہ نظروں سے گھبرا کر کپکپا رہی تھیں ۔۔۔۔۔

وہ دو قدم چل کر آئینے کے پاس آگئ ۔۔۔ اور ڈرائیر سے بال خشک کرنے لگی ۔۔۔۔

رہبان بھی اسکے پیچھے ہی آکھڑاہوا ۔۔۔۔

میں تیار کروں۔ "اسکی کان کی لو کو لبوں سے نرمی سے چھوتے ہوئے ہوے وہ سرگوشی سے بھی ہلکی آواز میں بولا ۔۔۔۔

حیا کا ہاتھ تھم گیا۔ ۔۔۔ جسم کا رواں رواں اسکی محبت پر سرشار سا ہو گیا ۔۔۔

مجھے لگ رہا ہے میرا انتخاب غلط تھا ۔۔۔۔ "وہ اسکے جسم کے ساتھ چپکی میکسی کو غور سے دیکھتے ہوے مسکرایا ۔۔۔۔ تو حیا بھی مسکرا دی ۔۔۔۔

میں بلیک شال لے لوں گی۔ "وہ آہستہ سے بولی اسی ڈریس سے ملتی جھلتی اسکے پاس ۔۔۔ ایک موسم کی مناسبت کی ہلکی پھلکی شال تھی ۔۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اوکے۔ "مسکرا ۔۔۔ کر اسنے جھک کر اسکی نیٹ سے جھلکتی نیک بون پر پیار کیا ۔۔۔

اور اس سے دور ہو گیا۔۔۔

ایمان ہی خراب کر دیا ہے میرا ۔۔۔ "وہ منہ بنا کہ بولا ۔۔۔

حیا اسکے انداز پر کھلکھلا دی۔۔۔

بس کرو یار ۔۔۔ "وہ تو اسکی ہنسی کا بھی دویوانہ تھا بے بسی سے بولا تو ۔۔۔ حیا نے اپنے لبوں پر انگلی رکھ دی۔۔۔

اگر میں یہی کھڑا رہا تو ۔۔۔ شاید میں جانے کا ارادہ ملتوی کر دوں ۔۔۔۔ امی کے پاس ہوں ۔۔۔ آ جاو جلدی سے تیار ہو کر ۔۔۔ "دروازے کے پاس سے ہی وہ اسے فالٹنگ کس کرتا۔۔۔ باہر نکل گیا ۔۔۔ جبکہ حیا تیار ہونے لگی۔ ۔۔۔

رہبان کی محبت اسکی آتی جاتی سانسوں میں بس گئ ۔۔ تھی ۔۔۔

اور بس آنے والے کل سے بیگانی ۔۔۔ اس محبت کے نشے میں چور ہوئ جا رہی تھی

یہاں کا ماحول ویسا ہی تھا ۔۔۔ جس طرح رہبان نے بتایا تھا ۔۔۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مگر پھر بھی اسنے اپنے کندھوں کو اور آگے گلے سے ایک سٹائل سے کور کیا ہوا تھا۔ --
رہبان نے اسے تقریبا اپنے سب دوستوں سے ملوایا --- اور انکی بیگمات سے بھی ---
سکندر کو تو وہ جانتی ہی تھی --- وہ خاصی جولی طبعیت کا مالک تھا --- کیونکہ سکندر اور
رہبان -- ارہم کے ہی دوست تھے -- اور رہبان تو صرف ایک بار جبکہ سکندر کئ بار انکے
گھر آتا جاتا رہا تھا تبھی دونوں آپس میں خاصا فرینڈلی رہتے تھے --
سکندر بھائ -- آپکی مسز کہاں پر ہیں -- "ابھی چندماہ پہلے سکندر کی شادی ہوئ تھی اپنی
بچپن کی منگ سے --- لیکن وہ اس شادی سے ناخوش تھا -- اسکے چہرے کے تاثرات
صاف بتا رہے تھے ---
یہی کہیں ہو گی -- "اسنے لاپرواہی سے شانے اچکاے اسکی یہ لاپرواہی حیا کو اچھی نہیں
لگی ---
بھائ --- نظر لگانے کے پلین ہیں میری بہن کو شاید "آج تو رہبان کی نظریں حیا سے
ہٹنے کا نام نہیں لے رہیں تھیں یہ بات سکندر نے بھی محسوس کی تبھی اسے گھورتا ہوا بولا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

"ایکسکیوز می --- اب میرے پاس آپکی عزیز بہن کو نظر لگانے کا پرمننٹ ہے ---
رہبان نے اپنے مخصوص لہجے میں اسے باور کرایا --- جبکہ حیا انکی گفتگو سے جھینپ رہی تھی ----

وہ مسکرایا --- اور دل سے ان دونوں کو خوش رہنے کی دعا دی --- تبھی اسے سامنے سے ارہم آتا دیکھائ دیا ---

اووو یہ کون شخص ہے---- اہ میرے خیال سے صرف کھانا ٹھوسنے آیا ہے "ارہم کو گلے لگاتے ہی سکندر کی ادکاری عروج پر تھی ---- کیونکہ ارہم شاید اس محفل کا سب سے آخری مہمان تھا ----

ارہم نے اسکی کمر پر مکہ جڑا تو وہ بلبلا گیا ---

فوجی صاحب ---- یہ اپنی شاندار باڈی کا جوہر دشمنوں پر نکالو مجھ ناچیز پر ظلم نہ کرو آہ توڑ دی میری کمر سالے "وہ کراہا رہا تھا جبکہ وہاں سب کے ہی چہروں پر جاندار مسکراہٹ تھی ---

کیسے ہیں بھائ "حیا بھائ سے ملی تو اسنے حیا کو غور سے دیکھا -- وہ آج ضرورت سے زیادہ اچھی لگ رہی تھی ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میں تو ٹھیک ہوں مگر میری گڑیا --- تو بہت پیاری لگ رہی ہے "حیا اپنی تعریف پر شرما ہی گئ --- رہبان کی بھی لو دیتی نظریں اسپر اٹھیں ----

کیسے ہو --- "ارہم اور رہبان دونوں ہی ایک دوسرے سے سرسری سا ملے -- حیا نے دونوں کو ہی نوٹ کیا--مگر اپنا وہم سمجھ کر وہ محفل انجوائے کرنے لگی ---

---

دور ایک کونے میں کھڑی وہ حسرت سے اس شخص کو ہنستا مسکراتا دیکھ رہی تھی ---- وہ کبھی اسکے سامنے نہیں مسکرایا تھا --- بلکے اسطرح حقارت اور نفرت کا اظہار کرتا کہ دھنک کو اپنے وجود سے ہی نفرت ہوجاتی --- آج بھی صبح جب وہ اسکی تیاری میں اسکو مدد دے رہی تھی --- تو اسنے کتنی حقارت سے کہا تھا ----

تم اس دعوت میں ہرگیز بھی مدعو نہیں ہو--- میں نہیں چاہتا کہ کوئ جانے کہ تم میری بیوی ہو --- اور پھر سکندرشاہ پر سب کی ہمدرد نظریں ٹک جائیں -- کہ اتنا شاندار شخص کا پرٹنر کتنا اکورڈ ہے --- "اسے اسکے انگلش میں بولے گئے لفظ سمجھ تو نہیں آئے تھے مگر لہجے سے اندازا ہو گیا تھا۔ ---کہ وہ لفظ اسکو حقیر کر رہے ہیں ----

جی بہتر سائیں "وہ بس اتنا ہی بولی چہرہ اسکا اسکے لہجے سے ہی سرخ ہو چکا تھا ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.....

اور اسکی بات پر عمل کرتے ہوے وہ پارٹی میں ہونے کے باوجود پارٹی میں نہیں تھی

اس گھر کی مالک کی بیوی نوکروں کے ساتھ کھڑی تھی ---وہ سب اس سے آدب سے پیش آتے تھے مگر اسے اپنا آپ اس قابل نہیں لگتا تھا ----

اسکی آنکھیں آنسو ضبط کرتے ہوے سرخ ہو رہیں۔ تھیں --- جبکہ دوسری جانب ---- حیا کی ضد تھی ---

بھائ مجھے نظر نہیں آ رہیں --- بھابھی "وہ منہ بنا کہ بولی ---

اسکی یہی ادائیں تو رہبان کے دل پر وار کرتیں تھیں --

یار وہ دیکھنے قابل ہے ہی نہیں کیا کروگی دیکھ کے "وہ ایسے لہجے میں بولا کہ وہ تینوں ہی حیرت سے اسکو دیکھنے لگے---

ناٹ گڈ سکندر بیوی ہے تیری--- "ارہم نے اسے سرزنیش کی تو وہ لاپرواہی سے بولا---

نہیں میرے یار بیوی نہیں زبردستی کا ڈھول جو میرے گلے میں لٹکا دیا گیا ہے -- "اسکی آنکھوں میں چنگاریاں سی بھرنے لگیں ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان نے بھی اسے گھورا ---

" جب پسند نہیں تھی تو شادی کیوں کی

اوو میرے بھائ -- میری شکل دیکھ --- اور یہ میرے جڑے ہاتھ نہ کر یہ موضوع --- اسکا نام تیزاب کی طرح چوبھتا ہے مجھے ---اور ہاں رہی شادی کی بات جو آپکے اپنے ہوتے ہیں نہ --- سالے بہت بلیک میل کرتے ہیں جانے بغیر ---کہ باقی زندگی کس عزاب میں گزرنی ہے --- بس واسطے دے دلا کے شادی کرا دی ----- "وہ نفرت سے پھنکارہ تو نہ جانے کیوں --- رہبان کو لگا ارہم کی نظریں اسکو کچھ جتا رہی ہیں۔ مگر اسنے اسکو اگنور کیا اور خاموش ہو گیا ----

بھائ مجھے ملنا ہے--- "حیا کو غصہ آ رہا تھا تبھی دبے دبے غصے میں بولی ----

سکندر کو اسکے غصے پر ہنسی آگئ ----

اوکے یارمل لو ناراض تو نہ ہو--- میری ایک اکیلی ہی اتنی کیوٹ سی بہن ہے وہ بھی ناراض ہو گئ تو کیا ہوا گا --- "وہ پیار سے بولا تو حیا کا بھی لہجہ نرم پڑ گیا----

"آپ بتائیں وہ کہاں ہیں---

وہ اندر ہو گی یا سرونٹس کے ساتھ میں نے اسے باہر آنے سے منع کیا تھا ----- کلاس نام کی اس میں کوئ چیز نہیں ہے---اور نہ اسکا اتنا سٹینڈرڈ ہے وہ میرے ساتھ اس

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

پارٹی میں رہتی--- اسی لیے اندر ہو گی یا کہیں بھی ڈھونڈ لو "حیا کا دل تو کیا اسکو سنا دے مگر صرف اتنا ہی بولی

You are very cruel....

Thanks But I think your husband is more cruel than I am ----

وہ مسکرایا تو وہ پیر پٹختی چلی گئ --- جبکہ ان دونوں کے چہروں پر بھی مسکراہٹ در آئی

تقریبا مہمان جا چکے تھے -- مگر بس کچھ خاص خاص بیٹھے تھے اور پھر کچھ دیر میں وہ بھی چلے گئے توصرف وہ تینوں دوست ہی رہ گئے ---- جبکہ حیا --- اسکو پہلے باہر گراونڈ میں اور پھر اندر گھر میں ڈھونڈ رہی تھی--- جلد ہی اسے گزیبو میں گلابی آنچل نظر آیا -----

حیا مسکراتے ہوے گزیبو کے اندر آگئ ---

ہیلو "اسنے آہستہ سے کہا کے کہیں وہ ڈر نہ جائے کیونکہ وہ چاند کو دیکھنے میں مگن تھی

PDF NOVL BANK

دھنک پلٹی تو ایکدم سامنے اس پری کو دیکھ کر جھجھک سی گئ -- اور سر جھکا گئ ----
اسنے اتنا مکمل حسن کبھی نہیں دیکھا تھا ----
میں حیا ہوں --- سکندر بھائ کی بہن ہی سمجھ لو "وہ مسکرائ ----
آپ آپ انہیں کی طرح بہت پیاری ہیں --- "اتنی سی بات کہتے ہوئے حیا نے اسکے بہت پیارے معصوم سے چہرے پر سرخیاں گھلتی دیکھیں ----
وہ تقریبا اٹھارہ انیس سال کی صاف رنگت اور بہت پیارے سے نقوش کی لڑکی تھی ---
حیا کو سکندر پر حیرت بھی ہوئ کہ وہ ایسے نفرت کا اظہار کر رہا تھا -- جیسے خدا نخواستہ دھنک کیا چیز ہے ---
اور تم بھی بہت ہی پیاری ہو --- بہت معصوم سی -- "حیا نے کہا تو وہ جھینپ گئ ----

حیا ---- ابھی وہ آگے بھی اس سے بات کرنا چاہتی تھی کہ پیچھے سے رہبان کی آواز آئی ---- اور رہبان کی آواز سن کے دھنک نے جلدی سے اپنا گلابی آنچل سر پر رکھ لیا اور جھٹ سے سلام کیا --- اسکے پیچھے ارہم بھی کھڑا تھا --- اور سب سے آخر میں سکندر اسکی اس حرکت کو نفرت سے دیکھ رہا تھا ---- حیا کتنی کونفیڈنٹ رہتی تھی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

کبھی اسنے حیا کے اندر کوئ ایسی حرکت نہیں دیکھی ۔۔۔۔اسے اسوقت دھنک سے مزید نفرت ہونے لگی ۔۔۔ تو وہ غصے سے پلٹ گیا۔۔۔۔

جبکہ وہ دونوں بھی اسکے سلام کا جواب دے کر رسمی سی بات کر کے ۔۔۔۔ وہ دونوں بھی پلٹ گئے ۔۔۔

حیاآ جاو ۔۔۔ "رہبان کہہ کر ۔۔ چلا گیا ۔۔تو حیا نے دھنک کو گلے سے لگایا ۔۔۔ جبکہ دھنک ساکت رہ گئ ۔۔۔

میں تم سے دوبارہ ضرور ملوں گی ۔۔۔ ابھی تو میرے میاں صاحب کو جلدی ہے "وہ اسکا گال تھپتھپا کر باہر چلی گئ جبکہ وہ اسکے جسم میں سے اٹھتی شاندار کلون کی خوشبو میں کھوئ ہوی تھی ۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گھر آتے ساتھ ہی حیا ۔۔۔ نے اپنے کمرے کیطرف دوڑ لگا دی ۔۔۔کیونکہ وہ لیٹ نائٹ آئے تھی تبھی اسنے آنٹی کو ڈسٹرب کرنا درست نہیں سمجھا ۔۔۔۔

رہبان کی لو دیتی نظریں اسے بہت کچھ جتا رہی تھیں ۔۔۔۔

وہ انھیں نظروں سے گھبراتی ہوئ ۔۔۔ جلدی سے اسکی نظروں سے دور ہونا چاہتی تھی

۔۔۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسنے روم میں آتے ہی اپنے گرد سے شال -- اتار کر بیڈ پر پھینکی اور --- وارڈروب کا ایک پٹ کھولا ---- اور سادہ سا سوٹ کھینچ کر -- وہ جلد ہی واشروم میں بند ہو جانا چاہتی تھی ---مگر ---- شاید آج قسمت اسکے ساتھ نہیں تھی----

ابھی وہ واشروم کیطرف بڑھتی ہی کہ --- رہبان نے اسکو پیچھے سے اپنے بازوں کے حصار میں لے لیا ----

کمرے کا خواب ناک ماحول رہبان کے سارے احساسات جگہ چکا تھا ۔

جان عزیز مجھ سے چھپنے کا مقصد "اسکی گرم سانسوں کی تپش اپنے کان پر محسوس کر کے --- اسکا دل ڈوب سا گیا ----

وہ --- وہ -- میں تھک گئ --- تھی --- اسی لیے چینج--- چینج کرنا تھا "وہ ممنائ -- تو رہبان نے اسکا روخ اپنی طرف کیا ----- جبکہ حیا نے زور سے آنکھیں میچ لیں ---- وہ اسوقت اسکا سامنا نہیں کرنا چاہتی تھی ---- اپنے لباس کی وجہ سے وہ حد درجہ کنفیوز تھی ----

اوپن یور آیز "اسنے حکم جاری۔ --کیا ---- اور اسکے گرد اپنا حصار مزید تنگ کر دیا --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

حیا کو اسکے حصار میں سختی محسوس ہوئ۔ -- تو اسے اندازہ ہو گیا --- رہبان کو اسکی یہ شرم پسند نہیں آرہی --مگر وہ کیا کرتی ---- یہ سب اسکے قابو سے باہر تھا --- اسنے جھجھکتے ہوے اپنی آنکھیں کھولیں ----

تو رہبان نے جھک کر اسکی خمار آلود نگاہوں کو لبوں سے قید کر لیا ---- حیا نے ایکدم گھبرا کر -- اسکی شرٹ کو مٹھیوں میں دبوچ لیا --- جبکہ رہبان کی جنوں خیزی --- پل کے پل میں بڑھتی جا رہی تھی ---- اور حیا سے اسکی دیوانگی برداشت کرنا ناگزیر ہو رہا تھا

رہ---- رہبان --- "وہ بمشکل اپنی اکھڑتی سانسوں کو سمبھالتی بولی ----

شششششش "رہبان نے پھر سے اسکے لبوں کو قید کر لیا --- اور حیا کسی موم کی طرح اسکے بازوں میں پگھلتی جا رہی تھی ---

رہبان کی شدتیں مزید بڑھنے لگیں ---- مگر پھر اچانک ہی وہ اس سے ایکدم دور ہوا ---- حیا اپنے ہی قدموں پر لڑکھڑا گئ --- اور اسکا بازوں تھام کے لمبے لمبے سانس لینے لگی

حیا ---- کل تم آنٹی سے دو ٹوک بات کرو گی۔ --- اور ایک ہفتے کے اندر اندر --- ابیحا کا رشتہ لیے --- تمھارا بھائ --میری دھلیز پر کھڑا ہونا چاہیے -- "وہ نرمی سے اسکے

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

چہرے پر آتے بال کان کے پیچھے کرتے ہوے بولا --- لہجہ اسکا سخت ہی تھا۔ -- ایک تحکم سا بھرا تھا --- اسکے لہجے میں--

حیا چند پل اسکو دیکھتی رہ گئ ----

یہ سب تو وہ اسکی چند لمحوں کی رفاقت میں بھول چکی تھی ----

اب کیا کیسے --- کس طرح ہونا تھا ---- وہ نہیں جانتی -- تھی ---- مگر دل میں اب ایک خوف سا بھرنے لگا تھا ----

مگر ایک زور دار دھکا لگنے سے وہ ایکدم ہی بکھلا گئ۔ --- اور آندھے منہ بیڈ پر جا گیری --- جبکہ رہبان بھی اسی کے انداز میں بیڈ پر گیرا --- لبوں پر جاندار مسکراہٹ لیے وہ اب اسے ہی دیکھ رہا تھا ---مگر حیا کی پلکوں میں اتنی ساکت نہیں تھی کہ وہ اسکیطرف دیکھ سکتی ---- چہرے کو بازوں میں چھپا کر وہ ویسے ہی لیٹی رہی ---- اور رہبان کی ساری توجہ --- اسکی شرٹ کی زیپ پر چلی گئ ----- نیٹ سے چھلکتی اسکی کمر ---- اسے اردگرد سب بھلا چکی تھی ---- وہ اپنی جنوں خیزیاں اسپر انڈیلنے لگا ---- جبکہ حیا کو آج اپنا دل بند ہوتا محسوس ہو رہا تھا ---

---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسکے دماغ سے حیا کا آپسراوں جیسا وجود نکل ہی نہیں رہا تھا --- وہ خوشبوں میں بسی ہوی حسین لڑکی اسکے دماغ میں فٹ سی ہوگئ تھی---- اور دل بار بار ایک ہی بات کہہ رہا تھا کہ لازمی سکندر کو ایسی ہی لڑکیاں پسند ہیں ---- اس پارٹی والی رات کے بعد سکندر گھر میں اسے نظر نہیں آیا تھا -----

وہ اکثر اسی طرح گھر سے غائب رہتا تھا۔ وہ نہیں جانتی تھی وہ کہاں جاتا ہے ------ مگر یہ بھی حقیقت تھی --

اسکے دور جانے سے دھنک کی جان پر بن آتی تھی ---

وہ اسے ہر وقت اپنی نگاہوں کے سامنے دیکھنا چاہتی تھی --- مگر یہ ناممکن تھا شاید ساری زندگی --- وہ اس ہجر میں گزار دیتی تب بھی وہ اسکیطرف مائل نہ ہوتا ---

مگر جب سے حیا کو دیکھا تھا ----

اسکے اندر ایک جنگ سی چل رہی تھی --- وہ بھی تو ویسی ہو سکتی تھی -----

آدھی رات کا وقت تھا وہ بیڈ پر بیٹھی ناخون کتر رہی تھی ----

دوپٹہ ایک طرف رکھا --- تھا۔ --- اور پھر وہ بے چینی سے اٹھ گئ۔ -- خود کو آئینے میں دیکھا ---بیچ کی مانگ نکالے بالوں کی چوٹیاں بنائے --- وہ کہیں سے بھی سکندر کا معیار نہیں لگ رہی تھی --- ایک ٹرانس کی سی صورت میں اسکے ہاتھ لمبی چوٹیاں کو کھلنے میں

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

مصروف ہو گئے --- لمبے بال اسکی کمر پر بکھر گئے --- اسے الجھن ہوئ -- اسکے بال اتنے لمبے کیوں ہیں---- اسے اس وقت اپنے بال بلکل اچھے نہیں لگے دل کیا خودی کینچی لے کے کاٹ ڈالے----

مگر ہمت نہ بندھی -- تو اسنے گنگھا اٹھا --کر حیا کی طرح بال بنانا چاہے ---- تو یہ دیکھ کے اسکا دل زور سے دھڑکا -- کے ٹھیڑی مانگ میں اسکے لمبے بال اسکے چہرے پر ایک نیا اور پر کشش تاثر دے رہی ہے ---- اسنے بالوں کو یوں ہی چھوڑ دیا۔ -- اور الماری کی طرف بڑھی --- عجیب قسم کی الماری تھی شروع شروع میں تو اسے کھولنا ہی نہیں آتی تھی -- پھر ایک دن --- سکندر نے اسے الماری کے ساتھ جدوجہد کرتے دیکھا تو -- غصے سے بہناتا ہوا کمرے میں داخل ہوا۔ - اور نہ جانے اسکے ایک ہاتھ کے دباو سے ہی الماری ایک دم کیسے کھل گئ ---

جاہل -- "سکندر نے ناگواری سے اسکی طرف دیکھتے ہوے فقرہ اچھالا -- اور باہر نکل گیا --- اور اسکے بعد سے آج کا دن --- اسے الماری کھلنا آگئ تھی --مگر افسوس کی بات تھی اسکے پاس حیا جیسے کپڑے نہیں تھے --- عجیب رنگ برنگے کپڑوں کو دیکھ کے -- اسے بھی خود سے کوفت ہونے لگی اور سکندر کی نفرت جائز لگی ---بھلہ وہ مکمل شخص اس انپڑ --- کے ساتھ کیسے اپنی سوسائیٹی میں موو کر سکتا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ دکھ بھری نظروں سے اپنے کپڑوں کو دیکھتی رہی دل میں ایک آواز سی اٹھی --- کاش حیا اسکی مدد کرے --- مگر وہ کیا سوچے گی --- اسکے بارے میں دل ایک دم بجھ سا گیا----

اور پھر اسکی نظر اپنی اماں کے ہاتھ سے کڑھائ ہوے سیاہ جوڑے پر پڑی --- تو اسکا دل کسی ننھے بچے کی طرح خوش ہوا --- یہ جوڑا --- بہت خوبصورت تھا اسے اچھا بھی بہت لگتا تھا --- وہ جھٹ جوڑے کو لے کر واشروم میں گھس گئ --- پہن کے باہر نکلی تو -- اسے آئینے میں اپنا عکس --- اچھا لگا --- مگر میک کپ تو اسے کرنا ہی نہیں آتا تھا --اور افسوس اسکے پاس تھا بھی نہیں --- مگر سکندر کے ڈریسنگ روم میں اسنے دیکھا تھا ---- نہ جانے وہ سامان اسنے کیوں رکھا ہوا تھا شاید وہ کسی کو گفٹ کرنے ولا تھا کیونکہ سارا سامان پیک تھا --- اسکا دل اسے ایک غلط کام کے لیے اکسا رہا تھا --- نہیں نہیں --- سائیں کو برا لگے گا "اسنے خود کو ہی سرزنیش کی ---

مگر اتنے سارے سامان میں سے اگر وہ کچھ استعمال کر بھی لیتی تو کیا فرق پڑتا تھا --- دل نے پھر سے اکسایا ---

اور ویسے بھی سکندر گھر میں تھا بھی نہیں ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ دھڑکتے دل کے ساتھ اٹھی --- دوپٹے کو اچھی طرح سر پر لپیٹ کر وہ کمرے سے باہر نکلی --- دل --- گھبراہٹ کے مارے عجیب انداز سے دھڑک رہا تھا --- وہ سڑھیاں چڑھتی سکندر کے کمرے میں آگئ ---

اور دروازہ بند کر دیا --- کمرہ شاندار تھا اسکی طرح وہ -- یہاں آتی جاتی رہتی تھی ---

اسنے ڈریسنگ روم کا کانپتے ہاتھوں سے دروازہ کھولا --- سامان اب بھی جوں کا توں پڑا تھا ---

میں اتنا کیوں گھبرا رہی ہوں سائیں تو ہیں ہی نہیں "اسنے خود کو تسلی دی --- اور پھر سامان کھول کھول کے اشتیاق سے ہر چیز کا معائینہ کرنے لگی ---

ریڈ لیپسٹک دیکھ کر اسے حیا کے خوبصورت لب یاد آگئے اسنے آئینے میں اپنے ہونٹوں کی طرف دیکھا --- اور لیپسٹک کا شیڈ اپنے لبوں پر ملنے لگی --- اسنے پہلے کبھی یہ سب استعمال نہیں کیا تھا --- تبھی ہاتھ کانپ رہے تھے اور زیادہ دباو دینے کی وجہ سے --- لیپسٹک ٹوٹ گئ۔ --

اسنے گھبرا کر ٹوٹی ہوئ لیپسٹک کو دوبارہ جوڑ کر جلدی سے بند کر دیا ---- اور اپنے سرخ لبوں کو دیکھنے لگی آڑھی تیڑی لیپسٹک اسے مزاہیہ بنا رہی تھی---

اسنے منہ بنا لیا یہ ویسے نہیں لگی تھی جیسے حیا کے لگی تھی ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

ابھی وہ جانے ہی والی تھی کے --- دھاڑ سے دروازہ کھلا -- اور سکندر روم میں داخل ہوا

--

کم دس از مائے روم "اسنے شاید کسی کو کہا --- تھا --

دھنک کا دل خوف سے سکڑ گیا ---

وہ چھپ جانا چاہتی تھی مگر کیسے ---

ویری بیوٹیفل ---- تمھارا گھر تم سمیت بہت ڈیشنگ ہے "وہ لڑکی جس کی صرف پیٹھ دھنک کو نظر آ رہی تھی بولی ----

مگر بیبی یہ سب تمھاری ہاٹ بیوٹی کے آگے مانند پڑ رہا ہے -- "سکندر نے مسکراتے ہوے کہا تو وہ اسکے گلے میں جھول گئ --جبکہ دھنک نے گھبرا کر اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا ----

اف اللہ جی -- "بے ساختہ اسکے منہ سے یہ الفاظ نکلے تھے تبھی سکندر کی نظر اسپر گئ --- اور جیسے اسکا ہارہ سوا نیزے پر پہنچ گیا -----

تم یہاں کیا کر رہی ہو "وہ وہیں سے دھاڑا ----

سیاہ لباس میں اسکے کھلے بال اور پشت ہی ان دونوں کو نظر آ رہی تھی رو زی سکون سے صوفے پر ٹک گئ ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

یہ منظر اسکے لیے نیا نہیں تھا --- اکثر وہ کسی شادی شدہ مرد کے گھر جاتی تو ایسا ہی ہوتا تھا ----

سکندر بھناتا ہوا ڈریسنگ روم میں داخل ہوا اور اتنی مہنگی کاسمیٹکس کی چیزوں کا حشر دیکھ کے -- اسکا دل کیا اس لڑکی کا خون کر دے --- اسنے سختی سے اسکے بازوں کو جکڑا اور روخ اپنی طرف کیا --- تو وہ اسکی صورت دیکھ کے حیران رہ گیا ----

جبکہ ایک نسوانی قہقہ کمرے میں گونج اٹھا ----

Oh sikandr your wife look like joker .... So funny

.....

اسکے قہقہے رکنے کانام نہیں لے رہے تھے --- جبکہ دھنک کا دل کیا --ز-ین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے -----

اسکے گالوں پر آنسوں کی لڑی بندھ گئ --- سکندر کا خون کھولنے لگا--- اور بے قابوں سا ہوتا -- وہ اسکے منہ پر اپنی پانچ انگلیوں کا نشان چھوڑ گیا--

چٹاخ "کی آواز پر روزی کے قہقہے بھی روکے --

جبکہ سکندر کے تھپڑ پے در پے اسکے روخساروں پر پڑ رہے تھے --- وہ جنونی سا ہو رہا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

جاہل لڑکی تمھیں کس نے اجازت دی تھی میرے کمرے میں آنے کی "وہ اسے جھنجھوڑ چکا تھا ----

دھنک کا وجود ہوا کی مانند ہو گیا --- رخسار جل سے گئے --- جبکہ منہ سے سسکیاں نکل رہی تھیں ---

دفع ہو جاو میری زندگی سے --- "وہ حلق کے بل چلایا -- اور اسے کھینچتا ہوا کمرے سے باہر دھکا دے دیا --- وہ منہ کے بل جا کر پڑی --مگر اسنے دروازہ بند کر لیا---اور پلٹ کر روزی کو خونخوار نظروں سے دیکھا ---

بہت ہنسی آرہی ہے -- "اسنے اسکے بالوں کو مٹھی میں جکڑا مگر روزی بھی ہر فیشنل تھی --- پل میں اسے اپنی حسن کی روانیوں میں گم کر گئ ---

جبکہ باہر پڑا وجود ---- اپنی بے قدری پر ماتم کر رہا تھا ---

جاری ہے گھر میں شادی کی تیاریاں ہو رہی ہیں ---- اور تم یہ بات بخوبی جانتی ہو کہ تمھاری ایما پر ہی ---- ابیھا کی شادی کی تیاریاں بھی شروع کی ہوئ ہیں ہم نے ---- --- "رہبان نے جیسے اسے یاد دلایا یہ سچ ہی تھا -- اسکے وعدے کے بعد علیشبہ کے ساتھ ابیھا کی بھی تیاریاں شروع ہو گئیں تھیں ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان کو ایک بار پھر تسلی دے کے --- وہ خود ساری رات نہیں سو سکی ---- اور پھر وہ ایک نتیجے پر پہنچ گئ ---- وہ ارہم سے خود بات کرکے جان کے کہ آیا وہ اسکی بات مانے گا یہ نہیں اگر انکار ہو گیا ---- تو --- آگے کی سوچ نے اسکے خوبصورت چہرے کے رنگ اڑا دیے تھے --- ارہم اسکے چہرے کو کافی دیر سے یوں ہی دیکھ رہا تھا جو سر جھکائے بیٹھی تھی ----

گڑیا کیا --- مسئلہ- ---ہے کیوں اتنا پریشان ہو "بلآخر وہ بول ہی پڑا --- حیا کے گلے میں آنسو پھسنے لگے ---کہ وہ اپنی خوشیوں کے لیے اپنے بھائ کی خوشیاں قربان کر رہی ہے ----

بھائ --- میں---- "بھیگی آواز میں اسنے چہرہ اٹھایا تو ارہم اسکے آنسو ریکھ کر تڑپ ہی گیا ----

کیا ہوا ہے ---رہبان نے کچھ کہا --ہے-- "وہ ایکدم غصے سے بولا تو اسنے زور سے اسکی بات کی نفی کی ----

" نہیں ----

پھر "اسکی سوالیہ نظریں اب بھی اسی پر تھیں ----

" بھا---ئ --- اگر میں--- آپ سے کچھ مانگوں تو ---- دیں گے

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اٹکتے لڑکھڑاتے لہجے میں بولی ----

ہاں دوں گا تم بتاو کیا چاہیے --- کس چیز کی کمی ہے تمھیں "ارہم نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا ----

و---وعدہ--- چاہیے "اسکے کپکپاتے لب حرکت میں آئے ----

کیسا وعدہ "وہ اب بھی کنفیوزڈ تھا ----

آپ وعدہ کریں "اسنے اپنی ہی بات پر زور دیا --- تو ارہم نے فورن اسکا ہاتھ تھام لیا --- حیا میں اسکی جان بستی تھی --- اسنے اپنی زندگی کے قیمتی سال اپنی بہن کو ہر قسم کی آسائش دینے میں گزار دیے تھے --- اب بھی وہ اسکی تکلیف پر تڑپا ----

میرا وعدہ ہے تم سے جو مانگو گی وہ دوں گا ---اب رونا بند کرو "ارہم نے اسکے آنسو صاف کیے جو --- اسکے وعدہ کرنے کے بعد مزید روانگی سے بہہ رہے تھے --- حیا کا دل دھوآئیاں دینے لگا ---کتنی ظالم تھی وہ --- اپنے بھائ کے دل کا خون کر رہی تھی --- باہر دروازے پر کھڑی امی کی بھی حالت کچھ ایسی ہی تھی۔ --

بھا---ئ --- اب-- ابیھا سے --- شاد---شادی کر لیں --- "اٹک اٹک کے بولتی وہ ارہم کو ساکت کر گئ ----- وہ چپ کا چپ اسکی صورت دیکھتا رہ گیا ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

پلیز بھائی ---- آپ نے وعدہ کیا تھا --- جو میں مانگوں گی آپ دیں گے ---پلیز ابیحا سے شادی کر لیں --- و--- ورنہ --- ورنہ رہبان ---- "اس سے کچھ بولا نہیں جا رہا تھا۔ --- وہ اسکا ہاتھ تھامے زورو شور سے رو رہی تھی --- جبکہ ارہم کی آنکھوں میں کسی کا معصوم چہرہ گھوم گیا -----

بھائی --- "جب وہ کچھ نہ بولا ---- تو اسنے دوبارہ اسے پکارہ -- وہ جیسے چونک گیا ---- پلیز۔ "ابھی وہ کچھ بولتی ہی کہ --- ارہم نے اسے روک دیا ----

کل امی آ جائیں گی تمھارے گھر --- "چند فقرے بمشکل بول کر وہ اٹھ کر چلا گیا ---- حیا کو لگ رہا تھا --- اسکا دم نکل جائے گا

اور پھر اگلے دن ہی ارہم کا رشتہ ابیحا کے لیے لے کر امی حیا کے گھر آئی تھیں --- اور آنٹی نے بھی فورن رشتے کی ہامی بھر لی ---

وہ بہت خوش تھیں جبکہ رہبان کی بھی خوشی دیکھنے لائق تھی ----جبکہ اسکا دل شرمندہ تھا -- وہ اپنے بھای کی خوشیوں کی قاتل تھی ---

اور جب یہ بات ابیحا تک پہنچی تو اسکا دل دھک سے بیٹھ گیا ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسے حیرت بھی ہوئ کہ امی اور بھائ اسکی شادی اتنی جلدی میں کیوں کر رہی ہیں اور وہ بھی بھابھی کے بھائ سے ----

اسنے انھیں صرف شادی میں دیکھا تھا --- سنجیدہ سی شخصیت کے مالک وہ کسی کی بھی دھڑکنوں کو بڑھا سکتے تھے ---

مگر تب تو اسکو ایسا کوئ بھی خیال چھو کر بھی نہیں گزرا تھا ---جبکہ اب اسکا دل انوکھی سی لے پر دھڑک رہا تھا ---

خوشی کا احساس بھی تھا --- تو ارہم کی شخصیت کا دل میں کچھ خوف بھی تھا ---

مگر وہ آگے پڑھنا چاہتی تھی اور امی اسکی شادی میں بہت جلدی کر رہیں تھیں علیشبہ کے ساتھ شادی کا مطلب ڈیڈھ ماہ بعد وہ بھی یہاں سے رخصت ہونے والی تھی ----

پل کے پل میں ہی اسکی آنکھوں میں موٹے موٹے آنسو بھر گئے ---

کیا ہوا -- بیا "امی نے پیار سے اسے پچکارہ جو آنکھوں میں آنسوں لیے انکے سامنے کھڑی تھی ----

انکی محبت بھری آواز سن کر اسکو مزید رونا آیا ---

بتاو ابیھا کیا ہوا ہے مجھے فکر ہو رہی ہے --- "انکے دل میں عجیب وغریب وسوسے سر ابھار رہے تھے ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ انکے سینے سے لگ گئ ---

امی م--میں مجھے ابھی شادی نہیں کرنی "وہ روتے ہوے بولی ---

کیوں میری جان کیا ہوا ہے --- "تفکر کی لکیریں انکی پیشانی پر ابھر رہیں تھیں ---

اتنے میں کمرے میں حیا اور علیشبہ بھی آ گئیں ---

وہ دونوں بھی اسے روتا دیکھ کر کچھ پریشان ہوئیں-- جبکہ انکا دل زور سے دھڑک رہا تھا کہیں ابیھا حیا کے سامنے کچھ الٹی سیدھی بات نہ کر دے ---

ام--امی مجھے پڑھنا ہے --- اور --اور میں علیشبہ کی شادی بھی انجوئے نہیں کر سکو گی اسطرح تو ----- اور اور مجھے اپکو چھوڑ کے کہیں نہیں جانا "اسنے مزید مظبوطی سے انکو پکڑ لیا تو ان تینوں کے لب مسکرا دیے ---

نہ میرابچہ مجھے چھوڑ کر تو نہیں جا رہی ہو- -- آتی جاتی رہنا نہ ---- اور علیشبہ کی شادی " بھی انجوائے کر لیناکوئ تمھیں نہیں ٹوکے گا

اور بھائ سے میں بات کر لوں گی تم آگے پڑھ بھی لینا اوکے --- اب آنٹی کو پریشان مت کرو --- چلو فریش ہو -- اور یہ اچھی خبر اپنی دوستوں کو دو -- تاکہ ہم کچھ ہلہ گولہ کریں -- شادی کا گھر ہی نہیں لگ رہا یہ تو "حیا نے بیچ سے آنٹی کی بات اچکتے ہوے اسے تسلی دی تو اسکے لب مسکرا اٹھے ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تو انکے چہرے پر کچھ سکون سا اترا --- اور انھوں نے حیا کی پیشانی محبت سے چوم لی

میرے گھر کی رونق "حیا کا چہرہ شرم سے سرخ سا ہو گیا --- جبکہ رہبان اور احد بھی آ گئے تھے -- رہبان کی آنکھوں میں اسے دیکھ کر شرارت سی ناچ گئ ---

اور دور سے ہی وہ اسے ایسے اشارے کرنے لگا --کہ وہ مزید شرم سے خود میں سمیٹنے لگی ----

اف یہ ساس بہو کی محبت --- خریت ہے "احد نے شرارت سے کہتے ہوے امی کیطرف دیکھا تو انھوں نے اسکے کمر پر دھپ لگائ ---

پاگل لڑکا -- "جبکہ وہ اپنی کمر مسلتا رہ گیا ---

یہ چھپکلی کیوں رو رہی ہے --- "وہ اچانک ہی بولا مگر اگلے ہی پل -- کان پکڑلیے کیوں کے رہبان کی گھوری ہی اسکی صحت کے لیے کافی تھی ---

میرا مطلب تھا --کہ مس ابیھا جو سبکو رولا دیں خود کیوں رو رہی ہیں "وہ اپنے لفظ درست کرتا بولا

جبکہ ابیھا نے کھینچ کے اسکے منہ پرکشن مارا ----

منہ بند کرو اپنا -- "وہ اسکی فضول گوئ پر تپتی ہوی بولی

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

بھابھی --- "احد نے کشن کیچ کرتے ہوئے --- حیا کو دیکھا --- جو کھانا لگانے کے لیے اٹھنے لگی تھی --- کہ اسکے پکارنے پر رکی ---اور سوالیہ نظروں سے اسکی طرف دیکھا --

یار آپکے بھائ کی ہمت کو سلام دینا پڑے گا ----

ہمارے گلے کی بلا جو اپنے گلے میں ڈال رہے ہیں --- وہ بھی شوق سے "کہتے ساتھ ہی وہ دوڑ لگا کے بھاگ گیا --- جبکہ رہبان کی تیز پکار نے بھی اسپر کوئ اثر نہ کیا---

باقی سب کے لبوں پر بھی مسکراہٹ بکھر گئ -- جبکہ ابیحا کچھ شرمندہ سی احد کی طبعیت صاف کرنے کے لیے اٹھی ----

اب ایک گھمسان مچنے والا تھا سب جانتے تھے ---

---- شادی کی تیاریاں اپنے عروج پر تھیں ----

جبکہ رہبان کا غصہ بھی سوا نیزے پر تھا ---

وجہ یہ تھی کہ حیا اسے ٹھیک سے ٹائم نہیں دے رہی تھی ----

گھر میں مہمان آنے لگے تھے ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تبھی وہ اکیلی سب سمبھالتی بولائ بولائ پھیر رہی تھی -- اور رہبان کے لیے بھی فرست نہیں نکال پاتی تھی -- امی سے بھی بات بہت کم ہو رہی تھی --- جبکہ ارہم کی اس دن کے بعد کوئ بات نہیں ہوئ تھی۔ ---

امی کیطرف سے تیاریاں کون کر رہا تھا وہ نہیں جانتی تھی -- بلکہ اسے یہ جاننے کی فرست ہی کہاں مل رہی تھی پورے دن کے کاموں سے فارغ ہو کر -- اسے جہاں جگہ ملتی وہیں سو جاتی ---

اور جب صبح کمرے میں آتی تو تب تک رہبان جا چکا ہوتا ---

آج اسنے آفس سے چھوٹی کی تھی جبکہ -- بخار اور زکام نے اسے مزید چڑچڑا کر دیا تھا

اور حیا تو جیسے گھن چکر بن گئ تھی-- گھر کے ساتھ ساتھ -- رہبان کے نخرے اٹھانا اسکے لیے مشکل ہو گیا تھا --- ابیھا علیشبہ کو مائیوں میں بیٹھا دیا تھا۔ --

روم کا دروازہ کھلا تو پنک ڈریس میں بالوں کا بکھرا سا جوڑا بنائے -- حیا ہاتھ میں سوپ کا باول ---لیے کمرے میں داخل ہوئ --- تو رہبان جو کمبل میں پہلے سے ہی گھسا ہوا تھا --- مزید ناراضگی ظاہرکرتا کمبل سر تک تان گیا --- جبکہ حیا کے خوبصورت لبوں پر مسکراہٹ بکھر گئ --

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

سنیں ---- "اسنے پاس بیٹھ کر اسکے چہرے سے کمبل ہٹایا --- تووہ اسکے خوبرو مگر سرخ سے چہرے اور ناک کو دیکھتی رہ گئ ----

جب کہ رہبان نے آنکھیں بند کر لی یعنی وہ اسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا ---

ایم سو سوری ----- "دھیمی سی سرگوشی اسے اپنے کان کے قریب سنائ دی --- تو اندر تک سکون سا پھیل گیا --- وہ اسپر جھکی ہوئ تھی ----

مگر وہ لمہہ رہبان کے لیے حیرت انگیز تھا جب حیا نے اپنی ناک آہستگی سے اسکی ناک کے ساتھ مس کی ---- رہبان نے جھٹکے سے آنکھیں کھولی تو اسکی آنکھیں بند تھیں

رہبان کو محسوس ہوا --- تھکی ہوئ تو وہ بھی تھی مگر خوشگواریت بھی ہوئ --- کہ یہ ان آٹھ مہینوں میں اسکی پہلی پیش قدمی تھی --- اسنے اسکے سر پر ہاتھ رکھا --- اور حیا کا ماتھا چوم لیا ----

سزا کے بغیر معاف نہیں کروں گا --- "رہبان نے بھی سرگوشی کی ---- اور ساتھ ساتھ چھینک بھی ماری تو حیا کو ہنسی آگئ --- اس سے فاصلہ بناتے ہوے شرارت سے بولی ----

میری جان پہلے اپنی طبعیت درست کریں --- پھر مجھے سزا دیجیے گا --- "رہبان نے آئ برو اچکا کر اسکی طرف دیکھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تمھیں لگتا ہے --- میں تمھیں ایسے سزا نہیں دے سکتا "---

اسکے لہجے میں واضح چیلینج تھا ----

اممممم ---- "حیا نے پر سوچ نظروں سے آنکھیں مٹکائیں ---

مجھے ایسا لگتا ہے ---- "اسنے کہتے ہوے دوبارہ اسکے سینے پر ہاتھ رکھے --- اور اسکے چہرے کے قریب آگئ ---

تمھیں کیا لگتا ہے "رہبان نے اسکی دلکش اداوں سے محظوظ ہوتے ہوے اسکی کمر پر ہاتھ رکھ کے -- اسے اپنے قابو میں کر لیا ----

ایسا لگتا --ہے --جی --کہ جو ایک شیر تھا نہ ---- وہ کمزور سا ہو گیا ہے ------ اور اب وہ ہرن کا شکار نہیں کر سکتا "شرارت سے کہتے ہی ---- وہ جلدی سے اس سے دور ہونا چاہتی تھی کہ جانتی تھی وہ جوابی کاروائی ضرور کرے گا ----

جبکہ دوسری طرف سے اتنی سپیڈ میں حملہ ہوا کہ وہ کچھ سوچ نہ سکی ---- رہبان نے جھٹکے -- سے اسے خود پر گیرایا --- اور کروٹ بدل گیا --- کچھ اسطرح کے وہ اب بلکل اسکے قبضے میں آکر پھڑپھڑا کر رہ گئ ---

رہبان --- "اسنے روہانسی لہجے میں کہا ۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

رہبان کی جان ۔۔۔ شاید آپ بھول گئیں زخمی شیر کا وار زیادہ خطرناک ہوتا ہے اور ہرن کے لے زیادہ جان لیوا۔۔ کیا سمجھی ۔۔۔ "مسکراتے لہجے میں کہتے وہ اسپر جھکا ۔۔۔ اور اسکے لبوں کو قید کر لیا۔

جبکہ اسکی اس شدت پر ۔۔۔ اسکا سانس اکھڑ کر رہ گیا۔ ۔

اسکی شرٹ کو دبوچ کر وہ اس سے جدا ہونے کے لیے۔

تگ و دو کرنے لگی مگر بے سود ۔۔۔ اسکے انداز میں مزید جنون اتر رہی تھی۔۔۔ اور اس سے پہلے ۔ اسکی سانس روکتی وہ اس سے الگ ہوا ۔۔۔۔ جبکہ وہ گہیرے گہیرے سانس بھرنے لگی ۔۔۔

ظالم ہیں آپ ۔۔۔ "روہانسی لہجے میں شکواہ کیا گیا ۔۔۔ جو سر خم کر کے تسلیم کیا ۔۔۔ ویسے کتنا مزا آئے گا ۔۔۔ تمھیں بھی زکام ہو جائے گا ۔۔۔ "وہ اسکی ناک بون کو انگلی سے ٹریس کرتا ہوا۔ ۔ آنکھوں میں شوخی لیے بولا ۔۔۔ تو حیا سٹپٹا گئ ۔۔۔۔

ن۔۔۔ نہیںننننن ۔ "جبکہ ۔۔۔ وہ دوبارہ ۔۔۔ اسکے اوسان خطا کرنے کے فل موڈ میں آ گیا تھا۔ ۔۔۔

اور سائیڈ ڈیبل پر پڑا سوپ ۔۔ وقت گزرتے ڈھنڈا پڑ رہا تھا ۔۔۔

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آج رات مہندی تھی جو سب کی ہی مشترکہ تھی۔ --- تبھی کام مزید بڑھ گیا تھا --- اور حیا -- اپنی طبعیت میں بیزاری سی محسوس کر رہی تھی --- اوپر سے زکام نے اسکا دماغ بلکل ہی ماوف کر دیا تھا۔ --

وہ کر کچھ رہی تھی ہو کچھ رہا تھا ---

اسکی حالت دیکھ کر سب کو ہی اسپر ترس آیا تبھی رہبان کی خالہ نے اسے آرام کرنے کی تلقین کی ---

تو وہ بھی انکی بات مانتی کمرے میں آگئ ---

کمرے میں آتے ساتھ اسکو اوپر تل چھینکے آنے لگی ----

اور بس اب اسکی ہمت جواب دے گئ تھی ---- تکیوں میں منہ دے کر وہ زوروشور سے رونے لگی -----

رہبان گھر میں داخل ہوا تو ایک افراتفری سی چاروطرف مچی ہوئ -- تھی۔ -- اسکی نظروں نے حیا کو ڈھونڈنا چاہا مگر وہ اسے کہیں نظر نہیں آئ ---

حالانکہ اسے ہونا یہیں چاہیے تھا کیونکہ روزانہ وہ اسے کام میں جتا ہوا دیکھتا تھا ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

ہر کسی کے منہ پر اسکی بیوی کا نام چیپک سا گیا تھا ----

مگر آج اسے وہ کہیں نظر نہ آئ ----

اسنے سب کو سلام کیا ---- جس کا سب نے مصروف سے انداز میں جواب دیا ----

ابھی وہ اپنے کمرے کیطرف بڑھتا ہی کہ احد نے اسے جا لیا ----

بھائ بابا --- بولا رہے ہیں جلدی سے فریش ہو کر آ جائیں---- "وہ پیغام دے کر دوبارہ باہر نکل گیا ----

چونکہ مہندی کی ساری ارینجمنٹس رہبان پیلس کے لون میں کی گئ تھی --- تبھی انکا کام مزید بڑھ گیا تھا ----

اسکے قدموں میں تیزی آگئ ---- جلدی سے اپنے روم میں پہنچا تو --- اسکا ارادہ واشروم جانے کا تھا اگر اسے کمرے میں کسی کی سسکی گونجتی محسوس نہ ہوتی تو لازمی وہ واشروم چلا جاتا ---

اسنے بیڈ کیطرف دیکھا --- جہاں حیا سکڑی سمٹی --- تکیوں میں منہ دیے رو رہی تھی اسے پریشانی سی ہوئ ----

کیا ہوا حیا "وہ لیپٹاپ کا بیگ صوفے پر پھینک کر اسکی طرف لپکا ---- اور حیا -- رہبان کی آواز سن کے مزید رونے لگی ---

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

کیا ہوا --- میری جان کیوں اسے رو رہی ہو --- سب خیریت ہے نہ "اسنے اسے بازوں سے تھام کر بیٹھایا -- اور اسکے سرخ چہرہ دیکھ کر اسکو سینے سے لگا لیا ----

م---- میری طبعیت نہیں --- ٹھیک --- "وہ روتے ہوے بولی -- تو رہبان نے گہیرہ سانس کھینچا ----

سب آپکی وجہ سے ہوا ہے --- "حیا نے غصے سے اسکی طرف دیکھا تو رہبان کے لب مسکرا دیے ---

میرا چندا --- کس نے کہا تھا --- میرے پاس آو "اسنے پیار سے اسکے آنسووں سے تر گال صاف کیے --- تو وہ منہ بنانے لگی -- رہبان کو اسکا وجود بلکل سرد محسوس ہو رہا تھا ---

شاید تمھارا بی پی لو ہو گیا ہے --- کیا کھایا تھا ---ناشتہ کیا تھا ٹھیک سے "اسنے اسکی بوجھل آنکھوں میں دیکھا تو -- حیا نے دوبارہ اسکے سینے میں چہرہ چھپا لیا---

کچھ کھانے کو دل نہیں کرتا "وہ دوبارہ رونے کے لیے تیار تھی ----

حیا یہ کیا بات ہے --- اتنی لاپرواہی "اسکے تیور بگڑے تو حیا پھر سے رونے لگ گئ ----

ابھی وہ کچھ کہتا ہی کہ دروازہ ناک ہوا تو وہ دونوں ایک دوسرے سے الگ ہوے ----

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آ جائیں "رہبان نے جیسے ہی کہا دروازہ کھول کر تقریبا سب ہی آ گئے ---

امی پھوپھو بڑی خالہ ----- ابیھا علیشبہ نمرہ--- سب ہی آ گئے ---

حیا تکیوں سے ٹیک لگائے ... سر جھکا کر بیٹھ گئ جبکہ رہبان ان سب کو دیکھ کر ..بیڈ پر ... سے اٹھ کر سائیڈ پر ہو گیا

آسیہ مجھے اس لڑکی کی آنکھیں بتا رہی ہیں ...کوئ خوشخبری ہے "بڑی خالہ نے ..بیڈ پر سکون سے ٹیکتے ہوئے جتنے آرام سے کہا ...حیا ..اور رہبان تو ایک پل کے لیے انھیں ... دیکھتے رہ گئے ...اور پھر حیا کے چہرے پر گھلنے والی سرخیوں پر رہبان نہال ہی ہو گیا ... اور اس خبر کو لے کر بہت خوش بھی

آسیہ بیگم بھی مسکرا کر اثبات میں سر ہلانے لگیں ...انکے بڑے اور لاڈلے بیٹے کی .. پہلی اولاد بھلہ وہ خوش کیسے نہ ہوتیں ...ابیھا علیشبہ تو جلدی سے حیا کے گلے لگ گئیں ..جب کہ حیا .. بھی بہت خوش دیکھائ دے رہی تھی ...کچھ ہی ..لمحوں میں ... سب کو اس خبر کا پتہ چل گیا..

... سب ہی خوش تھے مزید اس بات کی تصدیق ...ڈاکٹر سے آنے کے بعد ہو گئ

... جس کے بعد کوئ بھی حیا کو کام نہیں کرنے دے رہا تھا

... وہ تب سے کمرے میں ہی تھی .. خوشی اور اطمینان ....سا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

... مگر زیادہ دیر یہ اطمینان برقرار نہیں رہا

.. ارہم کا سوچ کر ..اسے نئے سیرے سے ..اپنے اوپر افسوس ہوا ...اسنے اپنے ہی بھائ کے ساتھ کتنا برا کیا ...تھا ...اگر وہ بھائ کو نہ مناتی ...تو ..تو کیا ہوتا ...زیادہ سے زیادہ رہبان اور آنٹی کے بے روخے اور بے درد رویے ہی سہتی ....جو خوشیاں اسے آج مل رہی ہیں ..اور شاید اس وقت نہیں ملتی ..ان چھ مہینوں میں وہ رہبان کو اچھے سے جان گئ تھئ ...جب تک اسکا کہا پورا ہوتا رہے گا ..وہ تب تک ہی خوش رہے گا ...

.

.... ورنہ وہ اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی اذیت سے دوچار کر دیتا تھا

... مگر اسنے ..اپنی خوشیوں کو چنا بانسبت اپنے بھائ کے

... اسکی خوشیوں کا تو وہ گلہ گھونٹ چکی تھی

... اور کتنی زندگیاں داو پر لگ گئیں تھیں

.. اسنے بے چینی سے اپنا سر تھام لیا ..آنکھ ..سے آنسو لڑیوں کی صورت میں بہنے لگے

دل کیا ..بھائ کو فون کر کے ..کہہ دے ...میرے بارے میں مت سوچیں صرف اپنی خوشیاں دیکھیں ..

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

... مگر ہمت نہ بن پڑی ..کیونکہ اب جو بگڑتا

... تو شاید پھر کبھی ..ٹھیک نہ ہو سکتا

..کیسی مشکل تھی ..جس میں وہ گھیر گئ تھی

.....

..فنکشن شروع ہو چکا تھا ...رہبان پیلس کے لون کو خوبصورتی سے سجایا گیا

... دو سٹیجیں بیچ میں بنا کر ایک پر علیشبہ جبکہ دوسری پر ابیھا ....کو بیٹھا دیا گیا تھا

... باری باری ...دونوں کی رسمیں ادا کی جا رہی تھیں

مگر اس خوبصورت گھڑی میں حیا پریشان ہال ...کھڑی مسلسل بڑے بھائ کو فون کر رہی

... تھی ...سب آ چکے تھے ماسوائے بڑے بھائ کے

... سب نے ہی ...ارہم کے نہ آنے کا نوٹس لیا تھا ...خاندان برادری سب جمع تھی

... اور ارہم کی ادم موجودگی حیا کے لیے مصیبت بنی ہوئ تھی

امی خود بھی پریشان تھیں ارہم ..گھر سے صبح سے غائب تھا ...وہ گھر میں آیا ہی نہیں تو

یہاں کیسے آتا ..آنٹی نے تب سے اب تک بہت بار حیا کو ارہم کو بلانے کے لیے کہا ..

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

تھا ..رہبان کا بھی رویہ کھینچا کھینچا تھا ..مگر اسنے حیا کو ایک لفظ بھی نہیں کہا تھا اور یہ .... ہی خاموشی حیا کو کھل رہی تھی

اسنے ایک اور بار بھائ کا نمبر ملا کر ...موبائل کان سے لگایا ...سامنے ہی علیشبہ کے بعد ... اب سب خاندان والے ابیھا کی رسم کر رہے تھے

پلیز بھائ "اسنے نم آنکھوں اور بے چینی سے ایک بار پھر نمبر ڈائل کیا ..مگر اس بار فون ... سوئچ آف تھا

...اِسنے پلک سے ٹوٹتے آنسو کو صاف کیا

اب مزید کچھ نہیں ہو سکتا تھا یہ سب تو ہونا ہی تھا ..اسنے گھیری سانس لی ..اور اس جانب بڑھ گئ ..جہاں رسم کی ادائیگی کی جا رہی تھی ..اسکی ماں نے اسکی طرف ...دیکھا جیسے وہ آنکھوں آنکھوں میں ہی اس سے پوچھ رہی تھیں حیا نے خاموشی سے سر جھکا ... لیا

... سب میں چیمگویاں بڑھ رہیں تھیں

... بہن ارہم نہیں آیا ...خیریت "رہبان کی بڑی خالہ نے ان سے پوچھا

... سب ہی انکے جواب کے منتظر تھے

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

... وہ ....ضروری کام تھا ....اسکو ...تو ..کہہ تو رہا تھا ...امی کچھ دیر تک آو گا ...شاید کام بڑھ گیا ..اسی لیے آنا سکا "انھوں نے نپے تلے لفظوں میں ..کہا ..آسیہ بیگم نے ... انکے بوندھے سے جواب پر کوئ بھی ایکشن لیے بغیر ..اپنی بہن کو وہاں سے ہٹا دیا

.... ورنہ وہ مزید بات کرتیں اور پھر نہ جانے بات کا کتنا بتنگڑ بنتا

.... حیا کو اپنی شامت صاف نظر آ رہی تھی

.....

سب سمجھتا ہوں میں اور یہ بھی جانتا ہوں اس نے یہ حرکت صرف اور صرف مجھے ذلیل کرنے کے لیے کی ہے ...مگر 2ہ جانتا نہیں ہے میں کون ہوں ابھی اسنے رہبان کی صرف دوستی دیکھی ہے دوشمنی نہیں .."

کمرے میں ادھر سے ادھر چکر کاٹتے ہوئے وہ غرایا ...جبکہ حیا بیڈ پر بیٹھی کب سے رہبان کے غصے سے خوفزدہ روئ جا رہئ تھی .. فنکشن سے فارغ ہونے کے بعد آنٹی نے خوب ہنگاما کیا .. تھا .

... انکے بقول برادری میں انکو بے عزت کیا گیا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اور یہ بات کہیں نہیں تھی کے بے عزت انکے داماد نے کیا تھا بات صرف یہ تھی کے بے عزت ارہم کے بھائ نے کیا ہے ...

رہبان بھی سخت غصے میں تھا اور کمرے میں آنے کے بعد تو اسنے حیا کو بری طرح جھاڑ دیا تھا اور ہر بات کا مطلب وہ اپنی پسند سے لے رہا تھا ...

ایک بات یاد رکھنا ..حیا اگر تمھارے بھائ نے یہ مہم چلا لی ہے کہ وہ مجھے اسطرح ذلیل کرے گا ..اور یہ ہی حرکت اسنے برات والے دن کی تو ..ابیھا کی تو رخصتی ہو یہ نہ ہو تم ضرور اس گھر سے رخصت ہو گی ...

اسے ایک منٹ میں اندازا ہو جائے گا رہبان سے ٹکر لینے کا انجام کیا ہو گا "اسکے نزدیک آ کر وہ اسے وارن کرتا ہوا بولا ...

وہ اس وقت بہن کی محبت میں یہ بھی بھول گیا تھا ..کہ اسکی بیوئ ..اب کن مراحل سے گزر رہی ہے ...

اسے صرف اس وقت برادری میں ہوے اس عمل کی فکر تھی ..

حیا کے دل میں رہبان کی بات سے جیسے کچھ ٹوٹا مطلب اسکی حثیت اوقات تو کچھ بھی نہیں اور اب ہر ہر عمل ..دونوں طرف سے ..انا کا مسلہ بن گیا تھا ..

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

آج اسکے بھائ نے یہ حرکت صرف اسکے شوہر کو نیچا دیکھنے کے لیے کی تھی اور اب کل ... اسکا شوہر ..اسکو ہی ..اس گھر سے نکالنے کے لیے تیار تھا

.... اس سب میں اسکی ذات تو مسک ہو گئ تھی

.. اسے رہبان کی بات پر شدید افسوس ہوا

رہبان آپ ایسے کیسے کہہ سکتے ہیں ..اس میں میرا کیا قصور ہے "..وہ اٹھ کر اسکے ... سامنے آگئ

... بکواس مت کرنا مجھ سے "....رہبان نے انگلی اٹھا کر اسکو گھورا

کیوں ...آپ سے بات نہ کروں تو کس سے کروں ...ہو سکتا ہے ..وہ حقیقت میں مصروف ہوں اور أپ غلط سمجھ رہے ہوں "اسنے جیسے احتجاج کرنا چاہا مگر یہ اسکی غلطی تھی ..رہبان اسوقت آپے میں نہیں تھا اسنے آگے بڑھ کر ...اسکے نازک ..منہ کو اپنے ...سخت ہاتھ کے شکنجے میں لے لیا

... تمھیں میں بچہ دیکھ رہا ہوں ہو ..یہ بے وقوف "...وہ دھاڑا

... حیا خوفزدہ سی ہو گئ

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسے پتہ نہیں ہے ....شاید یہ وہ ..مجھے بھول گیا ہے ...اگر وہ دس فیصد بھی مجھے زق
.... پھنچائے گا ..میں سو فیصد اسکو تکلیف دوں گا
... جس سے اسکی روح بھی بلبلائے گی "...ایک جھٹکے سے اسے چھوڑتے ہوئے وہ
غصے سے باہر نکل گیا ..جبکہ حیا ....کے آنسوں ...اس بے قدری پر مسلسل ..بہہ
. رہے تھے

.....

... برات ...ہال میں آگئ تھی .....حیا کے چہرہ مرجھایا مرجھایا سا تھا
....آج اسکے بھائ کی برات تھی
مگر وہ عادت کے خلاف بہت سادھی سی نظر آرہی تھی ..وہ کھنکتا لہجہ ...وہ شوخی
... مفقود تھی
...ارہم ...برات کے ساتھ ہی آیا تھا ..آنٹی نے اسکا پرتپاک استقبال کیا
دونوں داماد ایک ساتھ ہی ..آئے تھے ..خوب دھوم دھام سے برات آئ تھی ..مگر رہبان
.. نے ..ارہم سے زیادہ کوئ بات نہیں کی ..ارہم کا بھی اس ماحول میں دم گھوٹ رہا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

اسکی ذہنی سوچ صرف اور صرف عروش کیطرف تھی ..اپنے ساتھ بیٹھی ...پری وش پر اسنے ..ایک نظر بھی نہھں ڈالی تھی جبکہ سب کا کہنا تھا ..کہ ابیھا ..کارعوپ ...نہ قابل بیاں ہے ..

... مگر اسنے ...اس کم عمر حسینہ کو دیکھنے کی زحمت نہیں کی ..وہ مارے بندھے بیٹھا تھا

... اسنے حیا کو بھی دیکھا ..جو گم صم سی تھی

وہ اس سے کچھ نہیں بولی تھی ..بہن کا یہ انداز ارہم کو کھل رہا تھا ..مگر اس ماحول میں

... وہ اس سے کچھ نہیں بولا

کچھ ہی دیر میں ...رخصتی کا شور ہوا ..تو ..علیشبہ سے پہلے ..ابیھا کی رخصتی کی گئ ...جو

... کہ ارہم کے زور پر ہی ہوی تھی

... رخصوتی کے وقت ابیھا کا رونا سب کو ہی ..آبدیدہ کر گیا

آنٹی انکل نے اسے پیار کیا ...بھابی أپ میرے ساتھ چل رہی ہیں نہ ..وہ ارہم سے

... خوفزدہ تھی .. تبھی حیا کے ..کان میں جھک کر ...آہستگی سے بولی

ارہم نے بھی رک کر اسکی طرف دیکھا ..مگر حیا نے نفی میں گردن ہلا دی

" نہیں آپ جاو میں صبح ناشتہ لے کر ....آو گی..

... اسنے اسے پیار سے دیکھتے ہوئے کہا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.. بھابی پلیز "ابیھا نے اسکے ہاتھوں کو تھامہ

چندا ریلکس ....وہاں سب ہوں گے "اسنے اسے گلے لگا کر تسلی دی ..تو وہ رہبان کیطرف بڑھی ...

... جو سامنے سے آ رہا تھا ..اسنے ابیھا کو پیار کیا ..اور ارہم کیطرف دیکھا ..ارہم بھی اسے دیکھ رہا تھا ...

میری بہن کا خیال رکھنا ....میری بہن آبگینے کیطرح نازک ہے ..اور اس کی تکلیف میں بلکل برداشت نہیں کرعں گا "اسکے لہجے میں ہلکی سی بھی ..لچک نہیں تھی ..ارہم نے آئبرو اچکا کر اسکیطرف دیکھا ..اور سختی سے ابیھا کا ہاتھ تھامہ ..اس سخت گرفت پر ابیھا کا دل دھڑکا ...

یھی بات تمھارے لیے ہے ...یہ چین تم نے باندھی ہے ..تو ...اب ..تم بھی اس بات کا خیال رکھنا ..میری بہن کی تکلیف ...پر ..ضرور تم ... بھی تکلیف میں آ جاو گے وہ اسے .. سنجیدگی سے کہہ جر آگے نکل گیا ..جبکہ سب ..حیران نظروں سے انکی .. "..گفتگو سن رہے تھے ...

سب سے زیادہ مشکل حیا کو محسوس ہو رہی تھی ..یہ کتنا غلط فیصلہ تھا ..یہ ..اسے شدت سے محسوس ہو رہا تھا ...

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.. بہن ...میں اپنی بیٹی بنا کر لے جا رہی ہوں آپ فکر نہ کریں ".ارہم کی والدہ نے
... آسیہ بیگم کو .. تسلی دی تو ..وہ اثبات میں سر ہلا گئں
.... اور اسطرح ابیحا ...اپنے گھر کی ہو گئ جبکہ علیشبہ کی بھی رخصتی ہو گئ
.....

.

... گاڑی میم مکمل خاموشی تھی
ارہم ..اس سے نہیں بولا ..تھا ..اور پھر اچانک اسنے گاڑی روکی ..ابیحا ...نے پریشانی
.... سے ..اسکیطرف دیکھا
پیچھے آتی گاڑیاں بھی اسکے روکنے پر روکیں ...وہ باہر نکلا اور بائیک پر آتے ایک کزن اور
اپنی امی کو اسکی ..گاڑی میں بیٹھا کر ..وہ اس کزن کی بائیک لے کر ..نہ جانے کہاں
... چلا گیا
.. ابیحا نے اسکی پیٹھ کو خاموشی سے دیکھا ...وہ کہاں گیا ..تھا
... وہ نہیں جانتی تھی مگر اسکا دل کہہ رہا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

. کچھ ٹھیک نہیں ہے

...

.... چند رسومات کے بعد اسکو ارہم کے کمرے میں بیٹھا دیا گیا تھا

بیٹا ارہم آتا ہی ہو گا بس "..ارہم کی والدہ ..نے نرمی سے اسکے سجے سنورے روپ کو

... دیکھا تو اسنے اثبات میں سر ہلایا

ارہم کی کزنوں نے اسے اسکے نام سے بہت چھیڑا تھا ..انھیں سب باتوں کو سوچ کر اسکے

نرم نرم جزبات ...اور دل کی دھڑکنیں مزید بڑھ گیئں

اچھلتے کودتے دل کو قابو میں کرتے ہوئے ..اسنے سامنے دیوار پر لگی ..اسکی ..انلارج

...پیک دیکھی

... وہ ایک مکمل شخصیت کا مالک تھا

... رنگ نقوش ...بال ..بریڈز ....اسپر ...لہجے کی سنجیدگی

.. وہ کسی کے بھی دل کی دھڑکن بن سکتا تھا

.... اور آج ابیھا کو ..وہ اپنے دل میں دھڑکنوں کیطرح دھڑکتا محسوس ہوا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

... اسنے ایک نظر گھڑی کو دیکھا ..رات کے دو بج رہے تھے

... وہ اسکے انتظار میں اپنی پلکیں بچھائے بیٹھی تھی جبکہ وہ پتہ نہیں کہاں غائب تھا جو مہمان برات کے ساتھ آئے تھے وہ سب جا چکے تھے ...ارہم کے بارے میں جس نے بھی پوچھا ..امی نے سب کو یہ بتا کر مطمئین کر دیا کہ اپنے دوستوں کے ساتھ ہے

...

... اسوقت گھر میں چند نوکر امی ..اور ابیحا ... تھی

اسنے ایک گھیرہ سانس لیا ..آدھا گھنٹہ مزید گزر گیا تھا ..اب تو پلکیں بھاری ہو رہیں تھیں .وہ بمشکل کھول پا رہی تھی ...

اور پھر نہ جانے ..کیسے ..کب ..نیند کی دیوئ ..نے اسکے سندھر سجے سنورے وجود کو اپنی بانہوں میں بھر لیا .

.....

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

وہ لاونج کے صوفے پر بیٹھیں مسلسل ارہم کا نمبر ملا رہیں تھیں ..ارہم نے انھیں ان ... شادی کے دو تین دن جتنا تنگ کیا تھا ..شاید ہی اپنی پچھلی زندگی میں اتنا تنگ کیا ہو .. انھیں ابیحا کی فکر تھی نہ جانے وہ کیا سوچ رہی ہو گئ

... اور اسی فکر نے انکی نیندیں اڑا دیں تھیں

ملازم سارے کام کر کے کواٹرز میں چلے گئے تھے ...اب وہ بلکل اکیلی بیٹھیں اسی کا انتظار کر رہیں تھیں ..مزید ایک گھنٹے بعد اسکی گاڑی کا ہارن پورچ میں سنائ دیا تو انھوں .. نے سکھ کا سانس لیا

حیران بھی ہوئیں ..کے وہ انکے سامنے ..بائیک پر گیا تھا ..اب کس کی گاڑی میں آیا ... تھا

... خیر انکے نزدیک تو وہ دوستوں کے ساتھ تھا ..شاید کسی دوست کی گاڑی ہو

وہ اسکو دیکھنے اور اسکا دماغ درست کرنے کی نیت سے صوفے پر سے اٹھیں ...مگر ... سامنے سے اسے ...آتا دیکھ انکے قدم جیسے زمین میں گڑھ گئے

وہ ساکت نظروں سے ارہم کے ساتھ اندر آتی عروش کو شادی کے جوڑے میں دیکھ رہیں ... تھیں ..ارہم کا استحقاق سے اسے اندر لانا

.. ان پر بہت کچھ واضح کر رہا تھا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.... مگر وہ سمجھ کر بھی انجان بنتیں کبھی عروش تو کبھی اپنے بیٹے کو دیکھتی

ارہم نے ماں کا حوانق چہرہ دیکھا ..اور اردگرد سب کی عدم موجودگی محسوس کرتا ..انکے

.... نزدیک آیا

امی ....میں نے عروش سے شادی کر لی ہے "....اسنے سنجیدگی سے کہا ...تو وہ اسے

... دیکھتی رہ گئیں

.... ایک قیامت سی تھی جو انکے سامنے تھی

اب واقع ہونے والے حالات ..اور رہبان کا سوچ کر تو انکا دل ...مدھم رفتار میں

... دھڑکنیں لگا

.. وہ کچھ نہیں بولیں تو ..اسنے انکا ہاتھ تھام لیا

کیا آپ میری پسند کو قبول نہیں کریں گی "اسنے ..پوچھا ...تو عروش نے بھی بھیگی

... پلکیں اٹھا کر انکی طرف دیکھا

" تمھیں یہ سب کرنا تھا تو ابیحا کو کیوں بندھا خود سے

.. اسکی بات کا جواب دینے کے بجائے انھوں نے ..خود میں اٹھتے سوال کا پوچھا

... وہ مجھ پر زبردستی مسلت کی گئ ہے "...ارہم نے بے لچک لہجے میں کہا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

میں صرف حیا کے منہ کو ہامی بھر گیا کہ میں اپنی بہن کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا مگر میرا کیا امی ....میں نے پہلی بار اپنے لیے کچھ سوچا تو ...میرا ہی دوست ..میری .. خوشیوں کو میری ہی بہن کے ذریعے آگ لگا رہا تھا ...اور اس سوچ نے مجھے سکون سے .. رہنے نہیں دیا ..اور ویسے بھی میں ابیحا کے ساتھ ..زیادتی کرتا ..مارتا پیٹتا اسکو بلیم کرتا بہتر تھا میں اپنی خوشی ...پوری کر لوں تاکہ ..مجھے ساری زندگی اسے کوسنا نہ پڑے اور نہ چھپ چھپ کر عروش سے ملتا ..تو میں نے اسے ایک جائز رشتے میں باندھ لیا ..میں نے کچھ غلط نہیں کیا امی"

ہاں تم نے کچھ غلط نہیں کیا ...تم نے جو چاہا ..وہ کر لیا ....رہبان نے جو چاہا ...وہ .... میری بیٹی کو فورس کر کے کروا لیا

کتنے خودغرض سے ہو تم مرد ....صرف خود کا سوچتے ہو ....یہ جانے بغیر ...کے کسی معصوم پر کیا گزرے گی"

انھوں نے بیٹے کی آنکھوں میں دیکھ کر افسوس سے کہا ...اور اسکے ہاتھ سے اپنا ہاتھ آزاد کرایا.

... پلیز امی سمجھیں مجھے ...میں "اسنے انکا ہاتھ پھر سے تھامنا چاہا

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

نہیں ارہم ....ابھی .. تم جاو یہاں سے ...رات کے اندھیرے میں تم نے جو چاہا کر لیا یہ جانے بغیر دن کے اجالے ...کیا کیا رنگ دیکھائیں گے "وہ آنے والے کل سے ... .. خوفزدہ تھیں

امی میں اس لڑکی کو پسند نہیں کرتا ..میرے نزدیک اس سے جڑنے والا رشتہ صرف جبر کا ہے ..جو مجھے منظور نہیں ... مجھ پر مسلت کی گئ ..لڑکی کو ..میں نا چاہتے ہوئے .. خوشیاں نہیں دے سکتا تھا ..اور نہ گلے میں لٹکا ڈھول ساری زندگی پیٹ سکتا تھا ... اسوقت میری بہن مشکل میں تھی جس کے عیوض میں نے اس رشتے کو قبول کر لیا "... مگر ..اب نہیں ...میں اپنی چاہت کو نہیں چھوڑ سکتا تھا

تو تمھیں کیا لگ رہا ہے تمھاری دوسری شادی سے حیا بڑی سوکھ میں آ جائے گی "انھوں نے غصے سے کہا ...اب یہ میرے گھر کا معملہ ہے ...حیا یہ اسکے شوہر کا کوئ تعلق .. نہیں "...اسنے کہا تو امی نے ..اسے حیرت سے دیکھا

"..کیا تم رہبان کو نہیں جانتے

ہاں جانتا ہوں اس سے بڑھ کر میں نے کسی کو خودغرض نہیں پایا "...وہ غصے سے ... واس ...گیرا ..کر عروش کیطرف پلٹا

... جس کے آنسو ٹپ ٹپ اسکے شفاف گال بھیگو رہے تھے

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

جاو اپنے کمرے میں ....اور بہو کو بھی لے جاو "...عروش کو ایک نظر دیکھ کر انھوں نے ارہم سے کہا ..

تو وہ انکی بات پر خوشی سے آگے بڑھا اور انکے ماتھے کا بوسہ لیا ..

میں سب ہیڈل کر لوں گا "..انھیں تسلی دے کر ....اسنے اوپر غیر ارادی طور پر اپنے کمرے کی جانب دیکھا ..

تو ابیحا کو ساکت کھڑا دیکھ کر ...اسے کچھ پریشانی سی ہوئ ...

یہ حقیقت تھی ..کہ اسے آج نہیں تو کل پتہ چلنا ہی تھا ..مگر کچھ طریقے کار سے پتہ چل جاتا تو بہتر تھا ...

ابیحا ..ایسے ہی کھڑی انھیں دیکھ رہی تھی .

آنٹی اور عروش نے بھی ..دیکھا ...

مگر ابیحا کے وجود میں ہلکی سی بھی جنبش نہیں ہوئ ..

ارہم ..اب ...اب کیا "امی نے ..پریشانی سے پوچھا ..

میں کر لوں کا ہینڈل آپ ریسٹ کریں "..اسنے انھیں تسلی دے کر انکے کمرے میں بھیجا ...

Visit For More Novels : www.pdfnovelsbank.com

PDF NOVL BANK

.....

.. اور عروش کا ہاتھ تھام.کر ..وہ سڑھیاں چڑھتا ..اوپر اسکے مقابل آگیا

... ابیھا خاموشئ سے ان دونوں کو دیکھنے لگی

عروش تم ...جاو..میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں "...اسنے عروش کو ساتھ والے کمرے

... کا دروازہ کھول ..کر اندر جانے کا کہا

عروش نے اسکا حکم مانتے ہوئے ..دوسرے روم.میں قدم رکھے جو بڑی خوبصورتی سے سجا

